# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Thursday, May 13, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty three minutes past ten in the morning, with Mr. Presiding Officer (Mr. Khuda-i-Noor) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الم تر ان اللہ سخرلکم ما فی الارض و الفلک تجری فی البحر بامرہ و یمسک السماء ان تقع علی الارض الا باذنہ ان اللہ بالناس لروف رحیم O و ھو الذی احیاکم ثم یمیتکم ثم یحییکم ان الانسان لکفور O

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی نے زمین کی تمام چیزیں تمہارے لئے مسخر کر دی ہیں اور اس کے فرمان سے پانی میں چلتی ہوئی کشتیاں بھی۔ وہی آسمان کو تھامے ہوئے ہے کہ زمین پر اس کی اجازت کے بغیر گر نہ پڑے۔ بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر شفقت و نرمی کرنے والا مہربان ہے۔ اسی نے تمہیں زندگی بخشی، پھر وہی تمہیں مار ڈالے گا پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا، بے شک انسان البتہ ناشکرا ہے۔

**جناب جمیل الدین عالی**۔جناب والا! آپ سے ایک عرض کرنی ہے----

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جناب والا! اگر آپ point of order پر بول رہے ہیں تو

اس کے بعد ہے۔ یہ صرف Question Hour ہے۔ جو طریقہ کار ہے اسی پر چلیں۔

**جناب جمیل الدین عالی۔** اس کے بعد اجازت دیں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** ہاں ہاں! ضرور۔ اگر میں یہاں ہوا تو۔

## OBITUARY

**جناب جمیل الدین عالی۔** بات صرف یہ تھی جناب! کہ ہمارے ملک کے ایک شاعر ضمیر جعفری کا انتقال ہو گیا ہے۔ ان کے لئے اتنا عرض کرنا تھا، میں نے جناب انور بھنڈر صاحب سے بات کی، ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب سے بات کی، جناب بھروانہ صاحب سے بات کی، جو تشریف لائے تھے۔ ان کے لئے دعا مغفرت تو ہو گی اگر دعا سے پہلے چند الفاظ اس ہاؤس کے فلور پر ۔۔۔۔۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** ان کے لیے ذرا پہلے دعا ہی کر لیں، بہت بہتر ہے جی۔ مغفرت کے لئے دعا کر لیں۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

**جناب جمیل الدین عالی۔** جناب گزارش یہ تھی کہ اگر ریکارڈ پر ان کے لئے کچھ الفاظ آ جائیں۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Presiding Officer:** Question Hour. Syed Iqbal Hadier.

**جناب جمیل الدین عالی۔** اس کے بعد اجازت دیں گے آپ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** اگر میں یہاں ہوا تو انشاء اللہ۔

**سید اقبال حیدر ۔** انشاء اللہ العزیز آپ رہیں گے، صدا رہیں۔ سوال نمبر ۸۴ جناب۔

84. +Syed Iqbal Haider: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

---

+ Deferred from the 23rd April, 1999.

(a) the number of incidents of thefts of electricity, electricity cables, electricity meters or other equipment and machinery discovered by WAPDA and KESC in each province during the current financial year;

(b) the number of cases in respect of such incidents registered in each province;

(c) the number of officials of WAPDA and KESC found involved in such incidents indicating also their grade and the action taken against them;

(d) the number of persons arrested and prosecuted in the said cases with province-wise break-up and whether any officer or employee of WAPDA and KESC was arrested or prosecuted in these cases; and

(e) the amount of arrears of electricity charges and penalties/fines, if any, recovered during the said period from the thieves or defaulters of electricity charges with province-wise break-up?

Mr. Gohar Ayub Khan: WAPDA:

The Province-wise break-up of requisite informtion asked for against para (a) to (e) is tabulated as Annex-I.

The number of officials of WAPDA involved indicating their grade and action taken against them, as asked for against (c) of the question is enclosed at Annex-II.

KESC:

The replies of para (a), (b), (c) and (e) are shown in Annex-III.

**Annex-I**

| Province | Name of DISCOs | (a) No. of theft cases discovered during current financial year | | | (b) No. of cases registered with Police. | (c) No. of WAPDA officials involved. (Detail attached at Annexure-II). | (d) No. of persons arrested and prosecuted. | Whether any WAPDA Officer/Employee was arrested/prosecuted. | (e) Amount of arrears and penalities/fines received from theives or defaulters. Million (Rs.) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Electricity theft. | Material theft. | Total. | | | | | |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| Punjab. | LESCO | 23615 | 68 | 23683 | 517 | | 5 | 1 | 849.529 |
| | GEPCO | 22427 | 19 | 22446 | 682 | | 205 | 3 | 17.425 |
| | FESCO | 12709 | 97 | 12806 | 469 | | 351 | 5 | 96.340 |
| | MEPCO | 9081 | 54 | 9135 | 576 | | 74 | 3 | 122.636 |
| | IESCO | 5891 | 22 | 5913 | 47 | | 4 | 1 | 30.820 |
| | Total:- | 73723 | 260 | 73983 | 2291 | | 639 | 13 | 1117.050 |
| NWFP | PESCO | 26203 | 41 | 26244 | 359 | | 225 | - | 348.963 |
| Sindh | HESCO | 1058 | 9 | 1067 | 488 | | 111 | - | 939.664 |
| Baluchistan | QESCO | 9 | 2 | 11 | 11 | | 213 | - | 0.579 |
| | Grand total:- | 100993 | 312 | 101305 | 3149 | | 1188 | 13 | 2406.256 |

**Annex-II**

| Province | Name of DISCOs. | WAPDA officials involved Grade | No. | Action taken. |
|---|---|---|---|---|
| PUNJAB | LESCO | 18 | 1 | Show Cause Notice issued. |
| | | 17 | 3 | Show Cause Notices issued. |
| | | 12 | 1 | Show Cause Notice issued to 2 officials while case of 3rd one is under investigation. |
| | | 5 | 4 | Show Cause Notice issued. |
| | | 5 | 1 | Show Cause Notice issued. |
| | GEPCO | 13 | 1 | Suspended, disciplinary action initiated. |
| | | 12 | 1 | |
| | | 11 | 1 | |
| | | 7 | 4 | |
| | | 6 | 1 | |
| | | 5 | 1 | |
| | FESCO | 16 | 1 | Charge Sheet issued. |
| | | 12 | 1 | Suspended |
| | | 11 | 3 | Suspended |
| | | 9 | 4 | 2 Suspended.<br>2 Under inquiry. |
| | | 8 | 1 | Charge Sheet issued. |
| | | 7 | 8 | 1 Charge Sheet issued.<br>5 Suspended.<br>2 Under inquiry. |
| | | 5 | 7 | 3 Suspended<br>4 Under inquiry. |
| | | 1 | 1 | Suspended. |
| | MEPCO | 16 | 3 | 1 Dismissed.<br>1 Under inquiry<br>1 Detection charged and paid by the employee. |
| | | 12 | 2 | Suspended |
| | | 11 | 1 | Under inquiry |
| | | 9 | 3 | 2 Suspended<br>1 Under inquiry |
| | | 5 | 11 | 3 Arrested<br>2 Suspended<br>1 Reverted to lower grade.<br>5 Under inquiry. |
| | | 3 | 2 | 2 Suspended |
| | IESCO | 7 | 2 | One arrested and other suspended |
| NWFP | PESCO | 9 | 1 | Suspended |
| SINDH | HESCO | 12 | 2 | One suspended.<br>FIR lodged against other one and detection bill of Rs.2.63 lac issued. |
| | | 11 | 1 | Detection bill of Rs.1552 issued. |
| | | 5 | 2 | FIR lodged against one official and he is on bail. Other one arrested and bailed out. |
| BALUCHISTAN. | QESCO | - | - | - |

Annex-III.

THE KARACHI ELECTRIC SUPPLY CORPORATION LIMITED

BILLING DEPARTMENT

Ref.CCB/HO-98/

Dated:22.04.99.

84 *Syed Iqbal Haider, Senator

A) Incidents of theft of electricity 1100

Incidents of theft of material : So far copper conductor of overhead lines worth of Rs.49.8 Million has been stolen.

B) Cases Registered 240

C) Number of officials involved in incidents 10

Disciplinary action is process.

D) Persons arrested 246

Prosecuted 246

E) Rs. 2.5 Billion has been recovered from the above defaulters.

This operation started from March 1998 and figures are compiled from March 1998 to date. All cases are relted to Province of Sindh.

Mr. Presiding Officer: Any supplementary?

Syed Iqbal Haider: Sir, the information that I have sought sir, it is a very important question that the number of incidents of electricity theft and the cables and all the equipments of WAPDA and KESC, the figure is alarming. The number of incidents of theft of electricity as well as of cable and equipment of WAPDA in KESC, in the Province of Punjab sir, is 73,723, only in this current

financial year. But the number of the persons arrested in over 73,000 cases is merely 13.

جناب! چوریاں اتنے بڑے پیمانے پر ہوتی ہیں اور گرفتاریاں اتنی قلیل تعداد میں۔ 73723 cases انہوں نے پکڑے ہیں۔ ان میں صرف ۱۳ بندوں کو گرفتار کیا ہے تو کیا یہ چوروں کی سرپرستی نہیں ہو رہی۔ یہ صوبہ پنجاب کا میں نے figure دیا ہے۔ پھر

province of Frontier

(*Interruption*)

Syed Iqbal Haider: Yes, official.

میں ان کے officials کی بات کر رہا ہوں۔ واپڈا کے جو officials گرفتار ہوئے ہیں وہ صرف ۱۳ ہیں اور total جو گرفتاریاں ہوئی ہیں وہ in Punjab 639 ہیں اور اسی طرح سے فرنٹیئر میں 26203 cases ہوئے ہیں چوریوں کے اور material theft کے 41 cases ہوئے ہیں۔ Total 26,244 cases theft کے ہوئے ہیں۔ ان میں ایک بھی واپڈا کا بندہ گرفتار نہیں ہوا۔

Nobody is held responsible. Only 225 ordinary citizens have been arrested, what is the reason and how is it possible that such a large scale theft is taking place without the involvement of the WAPDA responsible officials is imagineable because every organized theft in this country can only take place with the support and collaboration of the administration.

Sir, same is the situation in our Province of Sindh. Fortunately, in the Province of Sindh theft cases are much lower than Punjab and Frontier. Only 1058 cases. In Punjab 73,000 theft cases, in Sindh 1058.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اقبال صاحب! اس بارے میں سوال کیا ہے آپ کا؟

Syed Iqbal Haider: Sir,

میرا سوال یہی ہے کہ figures کا جو تناسب ہے، جتنے بڑے پیمانے پر چوری ہو رہی ہے، ایک تو یہ ہے کہ I must say کہ بلوچستان میں صرف 9 cases پکڑے گئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - میرا خیال ہے سوال ہی کر دیں۔

سید اقبال حیدر - جناب! یہ میں صرف اس لئے کہہ رہا ہوں کہ بلوچستان میں نو چوری کے cases ہیں - اور گرفتاری کتنی ہے ' 213 - دیکھیئے ' بلوچستان میں کتنے لوگ گرفتار ہوئے ' دو سو تیرہ ' جناب مہربانی کرکے صفحہ ۲ ذرا دیکھیں تو سہی۔ نو چوری کے کیسز میں دو سو تیرہ گرفتاریاں۔ ۲۴ ہزار کی چوری کے کیس میں پنجاب میں 639 گرفتاریاں ' اور جناب سندھ کے اندر ایک ہزار اٹھاون چوری کے کیسز میں 111 گرفتاریاں ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اتنے بڑے پیمانے پر جن صوبوں میں چوریاں ہو رہی ہیں وہاں پر حکومت موثر اقدامات کر رہی ہے and amount جو رکھا ہوا ہے that is very little. یہ میرا آخری سوال ہے کہ گرفتاریوں کے بعد میری اطلاع کے مطابق یہ سب رہا ہو چکے ہیں - کتنے لوگوں کی conviction ہوئی ' کتنے لوگ ابھی تک جیل میں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - یہ بات ہوئی ناں ' یہ سوال ہے - جی گوہر ایوب خان صاحب -

جناب گوہر ایوب خان - جناب چیئرمین ! سینیٹر اقبال حیدر صاحب کا valid point ہے - اتنی چوری اور اتنی گرفتاریاں - واپڈا میں اور KESC میں جو major thefts ہوتی ہیں وہ ملازم یا آفیسرز کے بغیر نہیں ہوتیں - This is established fact, one has to admit that and یہی وجہ ہے کہ ہم ان چوریوں کو کم کر رہے ہیں - کیونکہ ہر کوئی سمجھتا ہے کہ واپڈا ہی ایک ادارہ ہے جہاں بجلی اور میٹریل بھی ' ہر چیز چوری ہو رہی ہے - It is a valid point, well taken اس کو ہم نے درست کرنا ہے - جو بلوچستان کا کہا ہے you are from Balochistan, یا کچھ ہمارے فرنٹیئر کے ہیں جہاں بیس تیس کلومیٹر تاریں چوری ہو جاتی ہیں - These are the problems that we are facing. ان کو درست کرنے کی کوشش کر رہے ہیں - Sir, point is well taken.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - جناب زاہد خان صاحب -

جناب محمد زاہد خان - جناب چیئرمین ! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو ongoing schemes تھیں ' میرے علاقے میں سینکڑوں کھمبے اور تاریں پڑی ہوئی ہیں ' کہیں ٹرانسفارمر ہے تو تار نہیں ہے ' اگر تار ہے تو ٹرانسفارمر نہیں ہے ' کھمبا ہے تو ٹرانسفارمر نہیں ہے - اس کے لئے آپ نے پہلے کہا تھا کہ کام شروع کر رہے ہیں - ابھی تک اس پر کام شروع نہیں ہوا - کیا آپ کا پروگرام ہے اور کب تک اس پر کام شروع ہو گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔وزیر پانی و بجلی۔

**جناب گوہر ایوب خان**۔جناب چیئرمین ! ongoing schemes پورے پاکستان میں چار ہزار ایک سو سولہ ہیں ۔ فرنٹیئر ، پنجاب ، سندھ اور بلوچستان میں ongoing schemes کے پیسے 1.8 billion rupees تھے۔ باقی کچھ نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم foreign funding match نہیں کرسکتے۔ جو بھی فنڈز ہیں ، development of power funds بھی صوبوں کے پاس پڑے ہوئے ہیں ۔ صوبہ سرحد کے پاس تقریباً ساڑھے ۹ کروڑ روپے پڑے ہوئے ہیں ۔میں نے چیف ایگزیکٹو کو کہا ہے کہ ان کو lapse نہ ہونے دیں۔ کیونکہ یہ lapse ہو جائیں گے اور ان کو ملاکر جو ongoing schemes کے ہیں ، کسی نہ کسی طرح ان سکیموں کو پورا کرنا چاہتے ہیں ۔ پنجاب میں بھی ، سندھ اور بلوچستان میں بھی ان کو کہا ہے کہ DOP کے پیسے ۳۰ جون تک lapse نہ ہوں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔طاہر بزنجو صاحب۔

**جناب محمد طاہر بزنجو**۔جناب میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ بجلی اور اس کے میٹروں کی چوری پر قابو پانے کے لئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔دیکھیں سوال ایسا ہونا چاہیے۔جی گوہر ایوب خان صاحب ۔

**جناب گوہر ایوب خان** ۔ جناب چیئرمین ! چند ایک areas ہیں جہاں ongoing schemes جاری ہیں ۔ تاریں لگی ہوئی ہیں ۔ دو چار پانچ سال تک ان کو مکمل نہیں کیا گیا پیسوں کی کمی کی وجہ سے۔ زیادہ امکان وہاں ہی ہوتا ہے جہاں سے تاریں چوری ہو جاتی ہیں ۔ عموماً کئی جگہوں سے ، واپڈا کے سٹورز سے واپڈا کے ملازموں کی وجہ سے میٹرز چوری ہو جاتے ہیں اور مارکیٹ میں چلے جاتے ہیں ۔ کئی جگہوں پر یہ بھی ہوتا ہے کہ ٹرانسفارمرز بھی اٹھائے جاتے ہیں ۔ میرے اپنے ایریا میں بھی ہوا ہے۔ ان چیزوں کو we are trying to improve on it sir, انشاء اللہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔نسرین جلیل صاحبہ۔

**بیگم نسرین جلیل**۔وزیر موصوف نے ابھی development funds کی availability کی بات کی ہے ۔ کورنگی کے انڈسٹریل ایریا میں، میں ذاتی طور پر گواہ ہوں کہ وہاں پر ایک ٹرانسفارمر جل گیا۔ اس سے تیرہ انڈسٹریز بند ہوگئیں ۔ جب میں نے KESC سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ جناب ہمارے

پاس فنڈز بالکل نہیں ہیں ۔ اس علاقے کے جو لوگ affected ہیں ' وہ ستر یا پچھتر ہزار روپے جمع کریں تو ہم اسے فوراً لگا دیں گے ۔ It was about three days back, and I think, it costs more than a lac rupees.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔وزیر پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان۔جناب چیئرمین ! کورنگی کا انڈسٹریل ایریا KESC کے تحت آتا ہے۔ ان کے پاس حقیقت یہ ہے کہ فنڈز نہیں ہیں ۔ یہ پچھلے سال بھی خسارے میں گیا اور اس سال بھی بری طرح billions کے خسارے میں جائے گا ۔ وہ rural electrification میں نہیں آتا لیکن وزیر اعظم صاحب نے کیبنٹ میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ اندازاً اگلے مالی سال میں ساڑھے سات بلین روپے electrification کے لئے رکھے گئے ہیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس میں سے یہ cover ہو جائے گا ۔ انہوں نے یہی حکم دیا ہے کہ ۹۹ء میں اس کو پورا کیا جائے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔حاجی گل آفریدی۔

(مداخلت)

حاجی گل آفریدی ۔ جناب چیئرمین ! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔آمین۔یہ سوال ہے کیا؟

حاجی گل آفریدی۔ نہیں یہ سوال نہیں ہے ۔ میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر اعظم پاکستان نے 30% بجلی کا ریٹ کم کیا ہے لیکن ابھی تک لوگوں کے ذہن میں یہ ہے کہ 30% بجلی کا ریٹ کم نہیں ہوا ہے کیونکہ بل وہی آتا ہے ۔ کیا منسٹر صاحب بتائیں گے کہ حقیقت میں یہ ۳۰ فیصد کم ہوا ہے اور بجلی کا ریٹ کوئی کم کرنے کا ارادہ ہے ؟

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین ! یہ حقیقت ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر 30% ریٹ کم کیا گیا ہے لیکن واپڈا یہ absorb نہیں کر رہی ہے ۔ فیڈرل گورنمنٹ as a subsidy واپڈا کو 30% دے رہی ہے ۔منسٹری نے واپڈا کو یہ کہا ہے کہ کیونکہ ہمارے پاس اس سال کے آخر تک surplus power ہوگی ' اگلے سال اور IPPs on board آئیں گی اور surplus power ہو جائے گی۔ اس کو utilize کرنے کے لئے power tariff rates کم کریں تاکہ لوگ

زیادہ پاور استعمال کریں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔حاجی جاوید اقبال عباسی۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی**۔ جناب چیئرمین! اکثر ہمارے ہر دلعزیز پانی و بجلی کے وزیر نے یقین دہانی کرائی ہے اور جو ایک مسئلہ چل نکلا ہے کہ بجلی چوری، تاریں اور میٹر کی کمی ہے، تو میں ان سے عرض کروں گا کہ یہ ongoing منصوبے اور بالخصوص این اے ۱۲ میں اکتیس جو ہمارے گاؤں نامکمل ہیں۔ ان کو کب تک مکمل کرکے بجلی دی جائیگی اور چوری سے بچنے کے لئے ان تاروں کو محفوظ بنانے کے لئے آپ نے کیا اقدامات تجویز کئے ہیں؟

**جناب گوہر ایوب خان**۔جناب چیئرمین! نہ صرف این اے بارہ میں اکتیس ongoing schemes ہیں بلکہ دس اور بھی ہیں جن پر کام چل رہا ہے۔ انشاء اللہ ہمارا جو rural electrification کا پروگرام ہے اس کے through پوری کوشش کی جائے گی کیونکہ کافی عرصے سے یہ منصوبے التواء میں ہیں، اکتیس وہ اور دس اور ساتھ میں ہیں۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی**۔جناب! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتاہوں کہ تربت و مکران میں سخت گرمی ہے۔ وہاں پسنی کا generator خراب ہے۔ روزانہ 8/10 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ کب تک لوگوں کی یہ پریشانی دور کی جائیگی اور دوسرا میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میرے لئے بھی انہوں نے اعلان کیا تھا۔انہوں نے کہاتھا کہ میں یہاں clear کروں گا کہ کب تک میرا مسئلہ حل ہو گا۔تو یہ دو میرے ضمنی سوال ہیں۔ وزیر صاحب سے درخواست ہے کہ ان کو clear کریں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔جناب وزیر صاحب۔

**جناب گوہر ایوب خان**۔ جناب چیئرمین صاحب! پسنی میں 4 generating stations ہیں۔ دو خراب پڑے ہوئے ہیں ان کے spare parts نہیں تھے، اب spare parts آگئے ہیں وہ clear ہو کر پسنی پہنچ گئے ہیں۔اور ایک generating station جو چار میں سے تھا اس کو کھولا ہوا ہے اور جلد وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا۔اور میرا خیال ہے کہ جولائی اگست تک چوتھا بھی ٹھیک ہو جائے گا۔

دو جو کام کر رہے ہیں وہ پوری capacity پر نہیں کر رہے ہیں، پرانے ہیں۔تو ان کو بھی بعد میں کھولنا پڑے گا۔جناب! اسی طرح تربت کا problem ہے۔ پسنی سے ہم پار نہیں دے سکتے ہیں۔جو چار ہمارے generating stations ہیں وہ load نہیں لیں گے۔

اسی طرح جو ایران کے قریب قریب areas ہیں ان کو بھی National Grid سے نہیں ملا رہے ہیں ۔ Prime Minister صاحب نے directive دیا ہوا ہے۔ اور ہم کوشش کر رہے ہیں اور اس کو on urgent basis لے رہے ہیں کہ ایران کی طرف سے تربت اور باقی جو coastal areas ہیں اور ایران کے ساتھ border towns and villages لگتے ہیں ان کے لیے ہم ایران سے لینے کی کوشش کریں گے۔ آٹھ ماہ سے ایک سال کے اندر ہماری کوشش ہے کہ ان کو provide کر سکیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ اسلام الدین شیخ۔

**جناب اسلام الدین شیخ** ۔ جناب چیئرمین صاحب ! یہ حقیقت ہے جیسا کہ جناب وزیر صاحب نے واپڈا کی تاروں اور transformers کی چوری کا بتایا ہے' یہ تو ہر جگہ مسئلہ ہے ۔لیکن میرا جو حلقہ ہے وہ سکھر سے لے کر انڈیا کے بارڈر تک ہے اور نارہ کنال اتنا بڑا ہے کہ اس پر لاکھوں ایکڑ زمین cultivate ہوتی ہے۔ اور یہ national interest کی بات ہے ۔وہاں پر بھی بجلی کے تار یا چوری ہو جاتے ہیں یا کاٹ دیے جاتے ہیں یا پھر جب بھی ذراسی ہوا آتی ہے تو اس سے وہ ٹوٹ جاتے ہیں ۔اور میں آپ کو بتاؤں دس دس دن وہاں بجلی بند رہتی ہے جس سے کھڑی فصلوں کو اتنا شدید نقصان ہوتا ہے۔ چونکہ lifted water ہوتا ہے نارہ کنال سے اور ایک وہ ہی طریقہ کار ہے ۔نارہ نیچے ہے زمینیں اوپر ہوتی ہیں ۔ دس دس دن بارہ بارہ دن بجلی وہاں نہیں آتی ہے ۔ جناب وزیر صاحب یہاں موجود ہیں ۔مجھے اندازہ ہے کہ وہ اس میں interest لیں گے اور اس کے لئے کوئی ہدایت کریں گے ۔اور اس کے ساتھ ساتھ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ-----

(مداخلت)

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ میرا خیال ہے کہ اگر سوال ایک ہی ہو تو وہ بہتر ہے ۔ جواب دینے میں آسانی ہوتی ہے ۔

**جناب اسلام الدین شیخ** ۔ جناب یہی سوال ہے ۔دوسرا سوال یہ ہے کہ جناب وزیر صاحب نے ہمیں خط لکھے تھے ہماری ongoing schemes کے لئے ۔ وہ اسکیمیں ہم نے انہیں بھیج دی ہیں ۔ان اسکیموں کا کیا ہوا ابھی تک ان کا کچھ پتا نہیں چلا ہے ۔ .Thank you very much

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ شکریہ جناب ۔جناب وزیر صاحب۔

**جناب گوہر ایوب خان** ۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں آج ہی یہاں سے فارغ ہو کر

حیدر آباد کو میں آگاہ کروں گا کہ اس طرح اسلام الدین شیخ صاحب، سینیٹر نے point Chief Executive raise کیا ہے کہ آٹھ آٹھ، دس دس دن Tube wells کے لئے پانی نہیں ہوتا خصوصاً ان علاقوں میں جو border areas اور نارہ کنال کے ساتھ ہیں ۔انشاء اللہ اس کو solve کریں گے ۔

Ongoing schemes کو ہم پورا کر رہے ہیں اور ان کو بھی کریں گے اور 7.5 billion ویسے بھی میرا خیال ہے اگست تک ہمیں مل جائے گا ۔ 31 دسمبر تک میرا خیال ہے اتنے پیسے ہوں گے کہ all the schemes نہ صرف ongoing بلکہ نئی اسکیمیں بھی پوری ہو جائیں گی ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ مجھے ذرا یہ بتا دیں۔ آپ لوگ بیٹھ جائیں ذرا ایک منٹ ۔ آپ ذرا تشریف رکھیں ۔ آپ کو ٹائم دے دیتا ہوں ۔ لیکن یہ مجھے بتائیں کہ بیس منٹ ہو گئے ہیں اس ایک سوال پر ۔ اور سوال نہیں ہیں آپ اسی ایک پر Question Hour ختم کریں گے تو ٹھیک ہے میں چلاؤں گا، چلتا رہے گا ۔ ٹھیک ہے مسعود کوثر صاحب ۔ چلائیں جی ۔ ہمیشہ یہی بات ہوتی ہے کہ کوئی ایک طریقہ آپ اپنائیں ۔ یہ آپ دیکھ لیں ۔ جی مسعود کوثر صاحب ۔

**سید مسعود کوثر** ۔ جناب! آپ بہت مہربان ہیں اور وزیر صاحب بھی بہت مہربان ہیں کہ جو بھی سوال ہو وہ کر دیا جاتا ہے ۔ جو اصل سوال ہیں ان کے ضمنی تو رہ جاتے ہیں ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ آپ سوال کر لیں جی ۔

**سید مسعود کوثر** ۔ مجھے یقین ہے کہ منسٹر صاحب پوری efforts کر رہے ہیں کہ واپڈا کو improve کیا جائے ۔ یہاں پر ان سے پوچھا گیا تھا part (c) میں کہ the number of officials of WAPDA and KESC found involved in such incidents indicating also their grade and the action taken against them.

یہاں پر جناب والا! جو list دی گئی ہے، officials کے خلاف جو action لیا گیا ہے ۔ اب یہ کوئی disciplinary matter نہیں ہے کہ اس میں آپ نے show cause notice and charge sheet کرنا ہے ۔ یہ criminal liability کے cases ہیں ۔ They involve criminal liability. میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا officials کے خلاف FIRs درج کرائی جا چکی ہیں اور کتنے prosecute ہوئے اور کتنے قید ہوئے اور کتنے acquit ہوئے ہیں ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ جی وزیر برائے بجلی و پانی ۔

**جناب گوہر ایوب خان** - جناب چیئرمین صاحب! اس میں کچھ کی details دی گئی ہیں لیکن اگر یہ اور details چاہتے ہیں تو next rota day یا next session میں آپ کے سامنے لے آؤں گا -جناب! بڑی خوشی سے لے آؤں گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**- جی چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر**- جناب والا! میں صرف ایک سوال کروں گا اور اسی سوال سے متعلق supplementary کروں گا - میں یہ دریافت کرنا چاہوں گا جناب! figures ملاحظہ فرمائیں کہ grand total جو theft cases کا دیا گیا ہے ' وہ 109093 ہے اور number of cases registered with the police 3149 ہیں یعنی WAPDA theft cases میں ایک لاکھ سے زیادہ ہوئے۔FIR صرف تین ہزار cases میں درج ہوئیں اور پھر جناب والا! یہ جو آفیسرز ہیں، جیسے کہ مسعود کوثر صاحب نے کہا، صرف 13 ہیں یعنی آفیسرز صرف 13 ہیں - Total cases 100000 ہیں ' تین ہزار cases میں FIR کاٹی گئی '97000 cases میں کوئی FIR نہیں کاٹی ہے - اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**- جناب وزیر برائے پانی وبجلی۔

**جناب گوہر ایوب خان** -جناب والا! off hand details میرے پاس نہیں ہیں just off the cuff عرض کر رہا ہوں with this thing that I should be corrected and if I have to be corrected, I will come on the floor of the House to be corrected. ہو سکتا ہے کہ یہ FIR cases نہ ہوں اس لئے ان cases کی FIR نہیں کاٹی گئی- اور میں ان تمام کو دیکھوں گا؛ جناب! میں ایک لاکھ cases لاؤں گا تو میرا خیال ہے کہ بوری بھر جائے گی۔

I certainly will examine because that is what we are doing.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**- شکریہ جی۔

**جناب مصطفیٰ کمال رضوی**- جناب چیئرمین صاحب! بلوچستان کی محرومی کی بات کی جاتی ہے' اسی طرح سندھی یہاں پیچھے محروم بیٹھا ہے - آپ پیچھے ذرا نظر ضرور ڈالا کریں -جناب والا! میرا سوال معزز وزیر صاحب سے یہ ہے کہ the KESC has been recovering dues for the last 6 months جناب عالیٰ! اور دوسری بات یہ ہے کہ

whatever dues, which are being recovered, all the amount is being sent or is being kept by the Federal Government. May the Minister tell me, if this is one of the reasons why there is a liquidity crunch in KESC now because they cannot replace transformers

اور جتنے بھی KESC problems کے اندر ہیں کیا وہ اسی وجہ سے تو نہیں ہیں کیونکہ

all the amount which is being collected by KESC, the Federal Government is keeping it and has stopped letting KESC and the province to keep that amount. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان ۔جناب چیئرمین صاحب ! KESC اس وقت کافی خستہ حالت میں ہے۔ losses میں ہے۔ پچھلے سال اور اس سال بھی amount کم رہی ہے' billions میں جا رہی ہے ۔ اس کو privatize کرنے کے لئے کوشش کی گئی تھی ۔ ایک date دی گئی کہ 30 جون تک اس کے لئے کچھ اقدامات کریں تاکہ یہ privatize ہو جائے اور 30th September تک اللہ کرے ہو جائے ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ پاکستان میں کسی چیز کا target meet نہیں ہوتا various وجوہات کی بنا پر۔اب اس کے losses اتنے ہیں کہ KESC نے PSO کو پیسے دینے ہیں ' KESC نے واپڈا کو پیسے دینے ہیں ' KESC نے باقی utilities کو پیسے دینے ہیں اور کئی دفعہ ایسا ہوا کہ پچھلے سال رمضان کے دوران PSO نے ان کا تیل بند کر دیا ۔ میں نے چوہدری نثار صاحب کی منتیں کیں کہ اس کو through کریں ۔پرائم منسٹر صاحب کی intervention ہوئی' دوسروں کی intervention ہوئی گورنر کی intervention ہوئی' منت سماجت سے اس کو چلاتے رہے ہیں لیکن یہ کب تک چل سکتا ہے ۔اس دوران واپڈا کا بھی یہی حال تھا ۔ اب کافی KESC bonds issue کئے گئے ہیں اور پیسہ بھی آیا ہے ۔ اس سے 6.2 rupees billion فیڈرل حکومت نے at source واپڈا کے لئے deduct کر لئے ہیں ۔ They have to deduct, they have to make those payments. These organisations have to become viable

اور انہوں نے جو چیز خریدنی ہے ' اس کے لئے پیسہ دینا پڑتا ہے ۔ بدقسمتی یہ ہے کہ سالہا سال سے یہ ہوتا رہا ہے کہ dues accumulate ہوتے رہے ۔ utility concerns جتنے ہیں' نہ Federal Government '

نہ provincial Government نہ باقی companies کو arrears میں جانے دیتے۔ تین چار دن، دس دن یا ہفتہ یا maximum پندرہ دن کے بعد یہ settle کرنا چاہیئے تھا۔ بد قسمتی سے اربوں روپے dues ہو گئے اور جب تک یہ ادا نہیں کریں گے inter departmental and ministerial transactions نہیں ہوں گی۔ یہ کمپنیاں ایک دوسرے کو پیسہ نہیں دے سکیں گی۔ PSO ان کا تیل بند کر دے گا۔ واپڈا ان کو power نہیں دے گا اور یہ crises میں ہو جائیں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** آخری سوال نثار محمد خان۔

**جناب نثار محمد خان۔** شکریہ جناب چیئرمین! صفحہ نمبر 4 پر ہے کہ NWFP سے 9 گریڈ میں ایک واپڈا آفیسر suspend ہوا ہے۔ میں پوچھنا چاہوں گا کہ ہمارے ضلع چارسدہ کے ایک SDO جنہوں نے گوہر ایوب خان کو ان کے داماد کے case میں لکھ کر دیا تھا کہ you are pressurising. تو کیا یہ وہی SDO ہے جو suspend ہوا ہے اگر وہ SDO نہیں ہے تو اس کا کیا بنا۔ Pressurization کس کی تھی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** یہ سوال تو کچھ تھا لیکن اس میں تمام دنیا کی باتیں آ گئیں۔ بہرحال صحیح ہے۔ جی وزیر پانی و بجلی۔

**جناب گوہر ایوب خان۔** جناب چیئرمین صاحب! جہاں تک suspension کا تعلق ہے تو فرنٹئیر کے لئے figures low ہیں۔ جہاں تک میرے داماد کا تعلق ہے تو میں نے کہا، go to the court and fight your case in the courts of law. I am not to intervene.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** آخری سوال، ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** میرا وزیر موصوف صاحب سے ضمنی سوال یہ ہے کہ وزیر اعظم پاکستان کے اس فیصلے کو سراہتے ہوئے کہ ضلع گوادر، تربت، پنجگور کے لئے ایران سے بجلی لیں گے۔ میری اس تجویز پر غور فرمائیں گے کہ مکران ڈویژن کے ساتھ ساتھ ضلع چاغی، خاران میں بھی بجلی گھریلو استعمال کے لئے، زراعت کے لئے اور چھوٹی چھوٹی cottage industries کے لئے بہت ضروری ہے تا کہ ہماری بیروزگاری کا مسئلہ بھی حل ہو۔ اور ساتھ ہی میں یہ عرض کروں گا کہ جو گڈو اور سبی کے درمیان بجلی کی چوری ہوئی ہے، لوگ کہتے ہیں واپڈا والے involve ہیں، کوئی کہتے ہیں دوسرے لوگ

ہیں involve ۔ کیا اس ایوان کو بتائیں گے کہ اس کا کیا ہوا۔ ایک اور عذاب ہے جو کہ میں وزیر موصوف کے علم میں لانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ بجلی ہنگور میں بہاد، شگری کی طرف چوری ہو جاتی ہے اور لوگ تاریں لے جاتے ہیں ۔ آپ حیران ہوں گے کہ وہاں تین تین چھ چھ مہینے سے لوگ سزا کاٹ رہے ہیں ، ان لوگوں کا کیا قصور ہے ۔ اگر چور بجلی لے جاتے ہیں تو چوری کرنے والوں کو سزا ملنی چاہیئے ۔ صارفین بغیر بجلی کے بیٹھے ہیں، ان کا بھی کوئی ازالہ کریں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جی وزیر پانی و بجلی۔

**جناب گوہر ایوب خان**۔ جناب چیئرمین صاحب! ڈاکٹر صاحب کا بڑا اچھا ضمنی سوال ہے ۔ آپ پورے یورپ میں دیکھیں کہ ان کے grids inter-connected ہیں ، روس سے لے کر سپین تک۔ اگر سپین کو چاہیئے یا پرتگال کو چاہیئے تو فرانس دے سکتا ہے اور یکدم فرانس سے لے لیں گے یا سوئیزرلینڈ ، جرمنی ، آسٹریا ، فن لینڈ ، روس یا یوکرین سے لے لیں گے ۔ ان کی اب boundaries نہیں رہیں۔ اسی طرح آپ نے شاید اخباروں میں بھی پڑھا ہو گا کہ افغانستان کو ترکمانستان دے رہا ہے ۔ جس طرح پرائم منسٹر صاحب نے بھی directive دیا ہوا ہے اور agree کیا ہے کہ ایران سے ہم border areas کو دیں۔ آج کل بجلی travel ہوتی ہے ، جہاں جہاں economic and feasible ہو گی وہاں اس کو لے جائیں گے، جہاں سے بھی خریدنی پڑے ، سستی پڑے اور viable ہو۔ جہاں تک تاریں چوری ہو جاتی ہیں تو یہ فرنٹیئر میں بھی ہے کہ جتنا tribal area ہمارے فاٹا کے area کے ساتھ ساتھ ہے اور بلوچستان میں اور خصوصاً ڈاکٹر صاحب کے area میں میلوں تک ، 25 کلومیٹر ، 70 کلومیٹر تک تاریں غائب ہو جاتی ہیں ، ٹیلی فون کی تاریں غائب ہو جاتی ہیں ۔ political agent کوشش کرتے ہیں کہ cover کریں لیکن وہاں زیادہ سختی بھی نہیں کر سکتے کیونکہ حالات ایسے ہیں۔ آپ Military operation نہیں کر سکتے ، باقی چیزیں نہیں کر سکتے۔ اسے آہستہ آہستہ ہمیں ٹھیک کرنا پڑے گا۔ اگر سختی کریں تو ڈاکٹر صاحب آ کر complaint کریں گے کہ جی آپ نے آدمی بند کر دیئے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ آپ اس سلسلے میں ڈاکٹر صاحب کی خدمات حاصل کریں، یہ آپ کے ساتھ تعاون کریں اور چوروں کو پکڑوائیں۔

**جناب گوہر ایوب خان**۔ جناب چیئرمین صاحب! actually دل دکھتا ہے کہ کئی

بلوچستان کے areas ہیں' وہاں اتنی گرمی ہوتی ہے کہ اونٹ باہر نہیں کھڑا ہو سکتا۔ یہ پاکستان کا حصہ ہے اور کئی areas ہیں جہاں بجلی نہیں ہے۔ ان کو neglect تو نہیں کر سکتے۔ جس طرح بھی ہے دینی پڑے گی۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ میں ادنیٰ کارکن ہوں' ان کے لئے حاضر ہوں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جی حاجی عبدالرحمٰن صاحب۔

**حاجی عبدالرحمٰن**۔ ابھی تک تو ہم سنتے رہے ہیں کہ قبائل اغوا کرتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ آپ سوال کر رہے ہیں یا کوئی اور بات ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن**۔ جناب! عرض یہ ہے کہ اگر گاڑی پنجاب میں چوری ہو جائے ' کراچی میں ہو جائے ' جہاں بھی ہو جائے یا یہیں پنڈی میں چوری کر کے پنڈی میں ہی رکھیں تو یہ کہا جاتا ہے کہ قبائلی علاقے میں اس کو لے گئے ہیں۔ کیونکہ بدنامی کا بدنما داغ قبائل ہی کے ماتھے پر لگتا ہے لیکن آج منسٹر صاحب کی زبانی ایک اور بات سامنے آئی۔

میں تو ایک دوسرا سوال کر رہا تھا لیکن جب ان کی بات سنی کہ قبائلی belt کے ساتھ جو علاقے ہیں وہاں چوریاں ہوتی ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں ---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ میرا خیال ہے انہوں نے قبائل کی بات نہیں کی۔ ہر ایک حصے کی بات کی ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن**۔ جناب! عرض یہ ہے کہ اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ قبائل چوری کرتے ہیں۔ ہم یہ مانتے ہیں کہ جب سے پاکستان بنا ہے تب سے قبائل کو فری بجلی دی گئی ہے۔ ابھی تک بل دینے کی ڈیمانڈ نہیں تھی اور وہ استعمال کرتے رہے۔ یا تو یہ واپڈا کی کوتاہی اور سستی ہے وہاں سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے یا ہمارے لوگوں کی وجہ سے ہے' ہم بجلی تو لیتے رہے ہیں لیکن جو سامان کی چوری کی بات ہے یہ واپڈا والے خود کر رہے ہیں۔ ہمارے قبائل کے جتنے بھی development funds ہوتے ہیں وہ پیسے واپڈا والوں کو دے کر وہاں سے سامان خرید کر لے جاتے ہیں۔ چوری وہاں نہیں ہوتی اور یہ واپڈا والے خود کر رہے ہیں۔

جناب! میں تو یہ سوال کرنے والا تھا کہ 98-1997 میں ہمارے development funds کے

جو پیسے ہمیں ملے تھے ، سامان سٹور سے دیا گیا ہے اور جس جگہ کے لئے دیا گیا ہے وہاں نہیں لگا ۔ وہ فروخت ہو چکا ہے ۔ میں تو یہ سوال کر رہا تھا ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ اچھا ، آپ کا یہ سوال ہے ۔ نہیں جی ، اب وقت ختم ہو گیا ہے ۔ آدھ گھنٹہ ہو گیا ہے ایک سوال پر ۔ جی وزیر صاحب ۔

**جناب گوہر ایوب خان** ۔ جناب چیئرمین صاحب ! معزز سینیٹر صاحب نے میرا خیال ہے ٹھیک طرح اس چیز کو سنا نہیں ۔ لیکن میرا خیال ہے سنا بھی اور خود اپنی زبان سے کہا کہ منسٹر نے کہا ہے کہ قبائلی علاقے کے ساتھ --- ساتھ کے علاقے settled areas ہیں ۔ افغانستان نہیں ہے ۔ میں settled area کی بات کر رہا تھا ، جغرافیائی نقشہ دے رہا تھا ۔ میں نے اگر فاٹا کہنا تھا تو میں فاٹا کہتا ۔ میں نے اس کی location دی ہے ۔ نہ میں نے افغانستان کہا ہے ، نہ میں نے فاٹا کہا ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ اس ایریا کے ساتھ جو ہے ۔

**Mr. Presiding Officer**: Next Question No. 160, Dr. Abdul Hayee Baloch. Answer taken as read. Any supplementary

@160. ***Dr. Abdul Hayee Baloch**: Will the Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs be pleased to state:

(a) the details of Hotels and Motels of Tourism Development Corporation privatized by the present Government indicating also the sale price of each; and

(b) whether the share holders of said hotels and motels have been paid their share, if not, its reasons?

**Mr. Mushahid Hussain Syed**: (a) Only the Cecil's Hotel, Murree, being the one, out of four hotels run by the Associated Hotels of Pakistan Ltd, a subsidiary of PTDC, has been privatised at a sale price of Rs.201 million and handed over to its owner on 7-6-1998. None of the motels of PTDC

@ Deferred from the 5th May, 1999.

has, however, been privatized as yet.

(b) The share-holders would be paid on receipt of sale proceeds from the Privitisation Commission.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال یہ ہے کہ Cecil Hotel مری کا انہوں نے ذکر کیا ہے ' اس کا رقبہ کتنا ہے اور اس کی کتنی زمین ہے ۔ اس کی قیمت جب اس کو بیچ رہے تھے Privatization Commission کے ذریعے ' وہ بتائیں مجھے اور اس کا بھی مجھے جواب دیں کہ اب گیارہ مہینے ہوچکے ہیں اور وہ شرکاء جن کے حصے ہیں وہ لوگ ابھی تک اپنے معاوضے کے لئے یا اس کی ادائیگی کے لئے پھر رہے ہیں ۔ یہ بتائیں کہ ان کو معاوضہ کب ادا ہو گا ۔ میں ان سے یہ کہوں گا کہ Privatization Commission نے سیسل ہوٹل بیس کروڑ روپے میں دیا ہے ۔ یہ شفاف نہیں ہے ۔ اس نجکاری کمیشن کو کب شفاف بنائیں گے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی آپ جواب دیں گے 'مشاہد صاحب تو نہیں ہیں ۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جی میں جواب دوں گا ۔ جناب والا! خود ہی انہوں نے یہ سوال کیا کہ کتنے میں بیچا گیا اور خود ہی دوسرے سوال میں ارشاد فرما دیا کہ یہ بیس کروڑ میں بیچا ہے ۔ یہ 201 million میں بیچا گیا ہے ۔ رقم پوری ادا ہوچکی ہے اور قبضہ بھی دیا جا چکا ہے ۔ ابھی تک وہ رقم Privatization Commission کے پاس ہے اور انتقال باقی رہتا ہے ' Associated Hotels of Pakistan ہے ' ان کے ساتھ یہ لکھا جانا ہے اور اس کی تکمیل ہونی ہے قانون کے مطابق ۔ جونہی وہ تکمیل ہو جائے گی وہ رقم transfer کردیں گے Associated Hotels of Pakistan کو جو PTDC کے ساتھ ہے اور تقریباً 14% private share holders ہیں اس کے ' تو ان کا اپنا division بھی اور جو ان کے share کی رقم بنے گی ' وہ بھی ادا کر دی جائے گی ۔ اس کے لئے ہم کوشش کریں گے کہ جتنی جلدی ہوسکے اس کو expedite کر دیا جائے ۔ رقبے کا یہاں کوئی ذکر نہیں ہے ' اس ہوٹل کا ذکر ہے ۔ انہوں نے سوال یہ کیا تھا کہ Hotels and Motels کی detail دیں لیکن رقبے کے بارے میں انہوں نے اس میں mention نہیں کیا تھا ۔ اگر وہ رقبے کا پوچھنا چاہتے ہیں تو نیا سوال دے دیں ۔

**جناب صداقت علی جتوئی۔** جناب! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا پی ٹی سی کے پاس ایسی کوئی تجویز زیر غور ہے جس میں tourism کو فروغ دینے کے لئے مزید ہوٹلز بنانے

جائیں اور ایسی جگہیں بنائی جائیں جو historical places ہوں جیسے موہنجوداڑو' غنی کوٹ وغیرہ۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب والا! Tourism development کے لئے بہت ساری تجاویز حکومت کے زیر غور ہیں اور اس سلسلے میں بہت ساری conferences اور discussions ہو رہی ہیں اور planning بھی ہو رہی ہے اور جہاں بھی tourism کی development کے لئے جس اقدام کی بھی ضرورت ہو گی وہ انشاء اللہ کیا جائے گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی زاہد خان۔

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب! وزیر صاحب جواب نہیں دے رہے ہیں کیوں کہ concerned Minister Mushahid Hussain صاحب موجود نہیں ہیں۔ ٹھیک ہے آپ جائیں کہ ابھی آپ نے دو seminar کئے' ایک اسلام آباد میں اور دوسرا پشاور میں جو tourism پر ہوئے ان سے کیا فوائد ملے اور ان پر کتنی cost آئی ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** وہ جناب والا! tabulate ہو رہے ہیں۔ اس کے لئے planning ہو رہی ہے اور انشاء اللہ اس کے بارے میں جونہی final فیصلے ہوں گے ان پر عملدرآمد شروع کر دیا جائے گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی ملک رؤف صاحب۔

**ملک عبدالرؤف خان۔** جناب! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا کہ جو federal lodges مری میں نیلام کئے گئے ہیں ان کی قیمت کیا ہے اور وہ سارے نیلام ہوئے ہیں یا ان میں سے آدھے رہ گئے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی وزیر صاحب۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب والا! یہاں جو سوال دیا گیا ہے وہ ہوٹلز اور موٹلز سے متعلقہ ہے جو پی ٹی ڈی سی کے ہیں۔ یہ نیا سوال وہ دے دیں اور متعلقہ محکمہ Housing and Works جواب دے دے گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی حاجی گل آفریدی۔

**حاجی گل خان آفریدی۔** شکریہ! یہ بہت اہم کرسی ہے ہم اس کا بہت احترام کرتے

ہیں۔ میرا وزیر صاحب سے یہ سوال ہے اور میں نے یہ سوال کل بھی اٹھایا تھا کہ مری کا federal lodge جو بیچ دیا گیا ہے اس کو واپس لو یا انہی پیسوں سے مری میں federal lodge ممبران کے لئے خرید لو۔ رات کو ٹی وی میں وہ سوال کاٹ دیا گیا، اس کی کیا وجہ ہے مجھے بتائی جائے۔ کیا اس میں کوئی زیادہ کمیشن کھایا گیا ہے یا وہ واپس نہیں لیا جا سکتا یا ان پیسوں سے ممبران کے لئے federal lodge نہیں خرید سکتے ہیں۔ اس کی کوئی وجہ تھی کہ اسے رات کو ٹی وی پر کاٹ دیا گیا ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ اس کے لئے آپ نیا سوال دے دیں۔ جی مصطفی رضوی۔

**جناب مصطفی کمال رضوی**۔ شکریہ چیئرمین صاحب! اگر اس سوال کو غور سے دیکھیں تو پوچھا یہ گیا تھا کہ Tourism Development Corporation نے کتنے موٹلز privatize کئے ہیں اور sale price of each Motel کیا تھی۔ اگر آپ جواب دیکھیں تو وہ کہتے ہیں کہ

only the Cecil's Hotel , Murree, being the one, out of four hotels run by the Associated Hotels of Pakistan Ltd., a subsidiary of PTDC, has been privatized at a sale price of Rs. 201.00 million and handed over to its owner on 7-6-1998.

آگے جا کر وہ کہہ رہے ہیں کہ

none of the Motels of PTDC has, however , been privatized as yet.

یہ چیئرمین صاحب! اپنے آپ کو contradict کر رہے ہیں۔ ایک جگہ کہہ رہے ہیں کہ privatize کیا ہے اور آگے جا کر کہہ رہے ہیں کہ none of the motels of PTDC has, however, been privatized as yet کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ ان میں سے ایک ہوٹل کو privatize کیا ہے یا نہیں کیا ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: وزیر برائے پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ میں سمجھتا ہوں میرے فاضل دوست انگریزی بھی بہت اچھی بولتے ہیں اور اردو بھی بہت اچھی جانتے ہیں اور بات صاف لکھی ہوئی ہے کہ "Only the Cecil's Hotel, Murree," سوال ہے کہ

"details of Hotels and Motels of Tourism Development Corporation privatized by the present Government indicating also the sale price of each". And the

answer is; "Only the Cecil's Hotel, Murree, being the one," this is an explanation "being the one, out of four hotels run by the Associated Hotels of Pakistan Ltd. , a subsidiary of PTDC, has been privatised at a sale price of Rs.201.00 million and handed over to its owner on 7-6-1998".

جس کا مطلب یہ ہے کہ باقی تین جو ہیں وہ نہیں ہوئے۔

جناب مصطفیٰ کمال رضوی: آگے پڑھیئے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: ہوٹل کے بارے میں یہ ہوگیا کہ چار ہوٹل تھے ان میں سے ایک کی sale ہوگئی ہے اور motels کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ "None of the motels of PTDC has, however, been privatized as yet."

جناب مصطفیٰ کمال رضوی: اب ذرا ہوٹل اور موٹل میں difference بتائیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: آپ یہ بتائیں کہ confusion کہاں ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مصطفیٰ رضوی صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ انہوں نے آپ کے سوال کا جواب دے دیا ہے۔ جی اگلا سوال نمبر 207، حبیب جالب بلوچ صاحب۔

207. *Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Culture, Sports, Toursim and Youth Affairs be pleased to state:

(a) whether there is any proposal under consideration of the Government to handover the Sibi Fort to Archaeology Development, Government of Balochistan;

(b) the name of the department having administrative control over the Government;

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to carry out the repair work of this Fort; and

(d) whether the Government has allocated any funds for the repairs of this Fort?

**Mr. Mushahid Hussain Syed:** (a) No.

(b) Department of Archaeology and Museums, Government of Pakistan.

(c) Yes. For the preservation and restoration of the Fort, the Department of Archaeology and Museums is preparing a PC-I which will be submitted to the Ministry of Culture shortly for taking necessary approval.

(d) No.

**Mr. Presiding Officer:** Any supplementary question? Yes, Habib Jalib Baloch.

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ سبی فورٹ جس کو چاکر خان رند فورٹ بھی کہا جاتا ہے اوریہ وہ تاریخی قلعہ ہے جو پندرہویں صدی میں چاکر خان رند نے تعمیر کیا تھا اور یہ وہ تاریخی فورٹ ہے جس سے بلوچستان کے عوام کو جذباتی اور تاریخی لگاؤ ہے لیکن اس چاکر خان کے قلعے کے ارد گرد ایک تو بارشوں کی وجہ سے پانی کھڑا رہتا ہے جس کی وجہ سے کافی نقصان پہنچ رہاہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت F.C. والوں نے اس کو قبضے میں لیا ہوا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ یہ ایسا تاریخی فورٹ ہے جس کو سیاحت کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے کیونکہ بلوچستان کی تاریخ کا ایک حصہ اس سے وابستہ ہے۔ جتنے بھی پرانے قلعے ہیں ان کو Archaeology اپنی تحویل میں لے۔ میں نے یہ سوال کیا تھا کہ پاکستان کا جو Archaeology Department ہے آیا وہ اس کو اپنی تحویل میں لینے پر کوئی غور و خوض کر رہا ہے، تو انہوں نے اس کا جواب منفی میں دیا ہے۔ تو جب ایسے قلعے جو تاریخ سے وابستہ ہیں، جو تاریخی اہمیت کے حامل ہیں، جو tourism کے لئے بھی اہم ہوتے ہیں ان کو اگر Archaeology Department اپنی تحویل میں نہیں لیتا اور ان کو F.C. کے حوالے کیا جاتا ہے تو ان کا حشر کیا ہو گا۔ میرا پہلا ضمنی سوال یہ ہے کہ فوری طور پر اس کو تحویل میں لیا جائے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** وزیر برائے پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** میں عرض کرتا ہوں کہ شاید سوال کرنے میں تھوڑا سا کہیں confusion ہو گیا ہے ورنہ جو وہ فرما رہے ہیں وہی صورت ہے۔ پہلا ان کا سوال یہ تھا جس کا جواب ہم

نے " نہیں " میں دیا ہے۔ سوال یہ تھا کہ "whether there is any proposal under consideration of the Government to hand over the Sibi Fort to Archaeology Department, Government of Balochistan". ہم نے اس کا جواب دیا "No". اس کے بعد آپ کا سوال تھا کہ "name of the department having administrative control over the Fort". اس کا جواب ہمارا یہ ہے کہ "Department of Archaeology and Museums, Government of Pakistan". یعنی جو آپ فرما رہے ہیں already اس فورٹ کا انتظام اس کے پاس ہے۔ پھر آگے آپ کا تیسرا سوال تھا کہ "whether there is any proposal under consideration of the Government to carry out the repair work of this fort". اس کا جواب یہ دیا ہے ہم نے کہ "Yes, یعنی Archaeology Department کے پاس اس فورٹ کا انتظام ہے اور اس کی مرمت کے لئے ہمارا جواب ہے کہ ہم اقدام کر رہے ہیں

for the preservation and restoration of the Fort. The Department of Archaeology and Museums is preparing a PC-I which will be submitted to the Ministry of Culture shortly for taking necessary approval.

پھر انہوں نے پوچھا کہ "whether the Government has allocated any funds for the repair of this Fort"? تو اس کا جواب تھا "No". یعنی اس سے پہلے نہیں ہوئیں۔ یہ پہلی دفعہ ہو رہی ہے' PC-I تیار کر کے منسٹری کو بھیجا رہا ہے اور انشاء اللہ اس سلسلے میں اقدامات کئے جائیں گے۔ یہ ہماری تاریخ کا قیمتی ورثہ ہے اور اس سلسلے میں یہ سب کچھ بہت پہلے ہو جانا چاہیے تھا لیکن نہیں ہوا ۔ اب انشاء اللہ ساری کوتاہیاں دور کریں گے۔ اس کی مرمت کریں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : جناب طاہر بزنجو۔

**جناب محمد طاہر بزنجو** : شکریہ جناب چیئرمین! ترقی یافتہ ممالک میں اگر کسی جانور کی نسل ختم ہو رہی ہو تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس نسل کو بچانے کے لئے لاکھوں اور کروڑوں روپے خرچ کئے جاتے ہیں اور یہ قلعہ جیسا کہ پہلے کہا گیا یہ کوئی معمولی قلعہ نہیں ہے ' یہ بلوچوں کے سب سے بڑے تاریخی ہیرو چاکر اعظم کا قلعہ ہے۔ یہ ہمارا تاریخی ورثہ ہے ۔ آج اس قلعہ کو ایف سی والے رہائش کے لئے استعمال کرتے ہیں یا کیمپ کے طور پر استعمال کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک میں آباد کروڑوں

بلوچوں کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ اس لئے ہمارا پرزور مطالبہ ہے کہ اس قلعہ کو تحفظ دیا جائے، اس کی مرمت کی جائے اور اس قلعہ کو تاریخی پس منظر کے حوالے سے اہمیت دی جائے۔ شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : دراصل حبیب جالب صاحب کا بھی یہ سوال تھا کہ اس میں ایف سی رہائش پذیر ہے، یہ قابل اعتراض بات ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو** : یہ میرے نوٹس میں نہیں ہے لیکن اس کو بھی چیک کریں گے اور میں فاضل ممبر صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ قلعہ جس تاریخی اہمیت کا حامل ہے اور جو بلوچوں کے لئے اس کا تقدس ہے ہم اس کی روشنی میں انشا اللہ اس کا پورا تحفظ کریں گے اور اس کے لئے جن اقدامات کی ضرورت ہو گی، وہ اقدامات کریں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** : میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا وفاقی حکومت میری اس تجویز پر غور کرے گی کہ ہاؤس کی کمیٹی جاکر اس کا معائنہ کرے۔ قلعہ کی بدترین حالت ہے، اسے ایف سی کے حوالے کرنے سے اس کا ستیاناس ہو رہا ہے، وہاں سے مٹی لے جائی جا رہی ہے۔ لوگوں نے احتجاج کیا ہے۔ بلوچستان کے عوام اور تمام شہریوں نے اس کے خلاف بھرپور احتجاج کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ آپ ہمارے تاریخی ورثوں کو مسمار کر رہے ہیں۔ میں آپ کو حقیقت بتاتا ہوں کہ لوگ جذباتی ہوگئے تھے اور میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہمارے دوستوں نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے میں ان کی تائید کرتے ہوئے حکومت سے عرض کروں گا کہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔ آپ ہمیں یہ ایشورنس دیں کہ اگر وہاں پر ایف سی موجود ہے تو ان کو کوئی اور متبادل جگہ دیں گے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ آپ انہیں تاریخی مقامات دے دیتے ہیں۔ پنجاب میں جاکر خان کا ست گڑھ میں مقبرہ ہے۔ یہاں بھی آپ نے دائیں بائیں لوگ بٹھا کر اس کا خانہ خراب کر دیا ہے۔ ہمارے لوگ تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے ملک میں بلوچستان کے ساتھ سوتیلوں کا سا سلوک ہو رہا ہے۔ ہمارے تاریخی ورثے ہیں جن کے لئے ہم جذبات اور محبت رکھتے ہیں، آپ ان کو بھی مسمار کر رہے ہیں بجائے تحفظ دینے کے۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ اس معزز ایوان میں ایک ہاؤس کمیٹی بننی چاہیئے کہ ہمارے جتنے بھی تاریخی مقامات ہیں، وہ ان کو دیکھے کہ ہمارے ساتھ کیا سلوک ہو رہا ہے۔ اس کا کب آپ ازالہ کریں گے اور میری اس تجویز پر غور

فرمائیں گے کہ ہاؤس کمیٹی جائے اور ان سب چیزوں کی تحقیقات کرے تاکہ بلوچستان اور پاکستان میں دوسری جگہوں میں سندھ، پنجاب، پختونخواہ میں رہنے والے بلوچ مطمئن ہوں کہ واقعی آپ ہمارے جذبات کا احترام کرتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جناب وزیر پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** جناب ہم ان کے جذبات کا احترام کرتے ہیں اور میر چاکر رند صاحب کا مقبرہ بھی ہمارے ضلع اوکاڑہ میں ہے اور آپ میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ ایک زمانے تک وہ نظرانداز کیا جاتا رہا ہے۔ لیکن اب وہاں باقاعدہ مقبرہ تعمیر ہو چکا ہے اور آپ بھی اگر وہاں پر تشریف لے گئے ہوں گے تو آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہ پہلی سی صورت نہیں ہے۔ اور اس کے بارے میں بھی جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا ہے، میں نے تو پہلے ہی کہہ دیا ہے کہ کلچر کی سٹینڈنگ کمیٹی موجود ہے، اس میں آپ جس طرح چاہیں اس کو حل کریں۔ میں نے پہلے ہی ساری چیزیں عرض کر دی ہیں جن کے بارے میں آپ نے سوالات فرمائے ہیں۔ یہ بڑی دلچسپ بات ہے کہ آپ غصہ بھی بڑی محبت سے کرتے ہیں۔ یہ بڑی اچھی بات ہے لیکن غصہ کرنے کے لئے دوسری طرف سے انکار ہونا چاہیئے۔ اقرار کی صورت میں تو غصے کی بجائے محبت ہی ہونی چاہیئے۔ بہرصورت آپ کا جو ارشاد ہے اس کے مطابق اگر آپ کمیٹی کی ضرورت محسوس کریں تو آپ کی جو standing committee ہے، اسے اس میں take up کر لیں۔ جو بھی فیصلہ ہو اسے کرنے دیں۔ اس fort کے بارے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اقدامات کریں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** بالکل صحیح ہے، standing committee میں لے جائیں۔ یہ بات وہیں سے متعلق ہے۔ جی حاجی گل آفریدی صاحب۔

**حاجی گل آفریدی:** جناب چونکہ یہ tourism سے متعلق سوال ہے، اس لئے میں یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ پشاور کے خوبصورت ایریا میں بالا حصار قلعہ ہے۔ ہم نے سنا ہے کہ یہاں سے FC والے حیات آباد shift ہو رہے ہیں اور یہ قلعہ عوام کے لئے کھول رہے ہیں۔ کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ کب عوام کے لئے یہ قلعہ کھولیں گے اور یہ بھی بتائیں کہ اس پر ٹکٹ ہو گا یا بغیر ٹکٹ کے عوام یہ قلعہ دیکھ سکیں گے؟

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** لیکن سوال تو سبی قلعے سے متعلق تھا۔

**حاجی گل آفریدی:** جناب سوال چونکہ ایک fort کے متعلق ہے اور منسٹر صاحب کو پشاور

تک جانا تو پڑتا ہے کیونکہ یہ پاکستان کے منسٹر ہیں۔ یہ صرف بلوچستان کی بات نہیں ہے۔ ان کو سارے پاکستان کو ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : آپ کی بات اپنی جگہ پر صحیح ہے لیکن بات یہ ہے کہ جو سوال تھا یا جو اس کا جواب تھا' آپ کا سوال اس سے متعلق نہیں ہے۔ بہرحال اگر وزیر صاحب کچھ جواب دینا چاہیں تو ٹھیک ہے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو** : جناب چیئرمین! میں عرض کروں گا کہ سوال اور ضمنی سوال اصل سوال سے پیدا ہونا چاہیئے۔ اگر ضمنی سوال اصل سوال سے پیدا نہیں ہوتا تو پھر نیا سوال دینا ضروری ہے۔ بلوچستان میں سبی کے مقام پر fort کے بارے میں سوال ہے اور یہ جو کہہ رہے ہیں کہ پشاور کا fort کب کھلے گا تو یہ نیا سوال دے دیں۔ پتہ کروا کر ہم مکمل طور پر انہیں اطلاعات فراہم کر دیں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : جی زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان** : جناب! میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ concerned Minister نہیں ہے۔ یہ جواب نہیں دے سکتے۔ گوہر ایوب صاحب پر سوال ہوا تھا ہمارے صوبے سے اور پورا پاکستان ان کو پھرا کر لے آئے ہیں یا نہیں۔ پورے پاکستان کے کونے کونے کے متعلق سوال کئے گئے اور اس نے جواب دیئے۔ جب ہم منسٹر صاحب کو کہتے ہیں کہ آپ concerned minister نہیں ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ آپ اکثر یہی بات کرتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : زاہد صاحب! آپ سوال کریں۔

**جناب محمد زاہد خان** : جناب میں سوال کر رہا ہوں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں لیکن یہ جواب نہیں دے سکتے۔ مجھے یہ بتائیں کہ آپ کا concerned Minister کس mission پر باہر گیا ہے۔ کیا وہ اس mission میں کامیاب ہو گیا ہے یا نہیں؟

**میاں محمد یسٰین خان وٹو** : جناب! میں عرض کروں گا کہ زاہد خان بہت پیارا آدمی ہے' بڑی اچھی باتیں کرتا ہے لیکن پتہ نہیں جب سوال کرنے لگتا ہے تو بڑی ناراضگی کا اظہار کرتا ہے۔ اب عرض یہ ہے کہ سارے محکموں کے متعلق میں ضمنی سوالوں کا جواب نہیں دے سکتا' یہ ان کی بات درست ہے کہ اگر وزیر ہو تو کسی غیر متعلقہ سوال کا بھی concerned Minister جواب دے سکتا ہے' لیکن

جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے' میں اس کی حد تک ہر ایک جواب دینے کو تیار ہوں لیکن اس سوال سے جو سوال پیدا نہیں ہوتا اس کے بارے میں ظاہر ہے کہ concerned Minister زیادہ بہتر جواب دے سکتا ہے۔ چونکہ concerned Minister یہاں نہیں ہیں' وہ باہر گئے ہوئے ہیں اور وہ یہاں موجود ہوتے تو جواب دیتے۔ چونکہ وہ نہیں ہیں اس لئے میں نے اس سوال کا جواب عرض کیا ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** Next No.208, Dr. Abdul Hayee Baloch.

208. **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) whether it is a fact that SCARP, Swabi, has acquired land from 22 people of the area and dug there a drainage system named shooat ;

(b) whether it is also a fact that the WAPDA has issued the required funds to SCARP of the payment of the said affectees but the SCARP has not made the payment so far, if so, its reasons and the time by which the payment will be made?

**Mr. Gohar Ayub Khan:** (a) It is confirmed that SHAGAI drain pertains to Swabi SCARP.

(b) Funds are available for compensation with projects authorities but payment has not been made to the affectees for want of coast approval from Board of Revenue GONWFP. as soon as the same is approved payment will be made accordingly.

**Mr. Presiding Officer:** Any supplementary?

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ڈاکٹر حئی صاحب آپ بولیں۔ میں نے فلور آپ کو دیا ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ، اچھا صاحب! میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال یہ ہے-----

**جناب حبیب جالب بلوچ**: مجھے انتہائی اعتراض ہے کہ آپ نے سبی کے اہم فورٹ چاکر خان پر صرف تین سوالات کی اجازت دی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: ڈاکٹر صاحب میں نے آپ کو فلور دیا ہے، آپ بولیں۔ جی۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**: جناب والا! میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال یہ ہے کہ میں ان کے جواب کی قدر کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ کیا وہ اس کو expedite کریں گے یعنی جلد ہی کوئی طریقہ نکالیں گے کیونکہ پختون خواہ صوبے کا ریونیو بورڈ قیمت مقرر کرنے میں تاخیر سے کام لے رہا ہے، وزیر موصوف اپنی ذاتی دلچسپی لے کر جو affectees ہیں بیچارے ان کے معاملے کو حل کریں گے۔ دوسری میری ان سے یہ گزارش ہے کہ انہوں نے اسی معزز ایوان میں بلوچستان کے بارے میں ایک بہت اچھی بات کی تھی، اس وقت بھی انہوں نے بڑا اچھا جواب دیا تھا کہ SCARP کی مد میں بلوچستان میں واقعی ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا، خود وزیر موصوف نے یہ تسلیم کیا تھا۔ میری ان سے گزارش یہ ہے کہ آپ نے جب یہ تسلیم کیا تو جو ہمارے پاس پانی کو reserve کرنے کے لئے، پانی کو جمع کرنے کے لئے Delay Action Dam، چھوٹے ڈیم ہیں، اس میں ہمارا حصہ ہے، جو حصہ بلوچستان کا SCARP کے حوالے سے بنتا ہے، یعنی ارب ہا روپیہ خرچ ہوا ہے سندھ، پنجاب اور پختون خواہ صوبے میں مجموعی طور پر لیکن ہمارے ہاں اس کا ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے فرمایا تھا کہ ہم اس کا ازالہ کریں گے۔ کیا وہ اس کی طرف بھی توجہ فرمائیں گے کہ ازالہ کریں اور ہمیں اس مد میں سے رقم دیں تاکہ ہم پانی conserve کرکے اپنی زراعت کو بہتر کرسکیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: جی وزیر برائے پانی و بجلی۔

**جناب گوہر ایوب خان**: جناب چیئرمین! جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا ہے جو زمین acquire ہوئی تھی وہ 42 کنال تھی، ٹوٹل جو affectees تھے وہ 90 تھے، ان میں سے 22 رہ گئے ہیں جن کو پیسہ دینا ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: حاجی گل آفریدی صاحب! ذرا توجہ اس طرف دیں، بہت شور ہو رہا ہے۔

**جناب گوہر ایوب خان**: جناب والا! اندازاً 24 لاکھ 88 ہزار روپے واپڈا نے صوبائی

حکومت کو دیتے ہیں، ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے اس کو assess کر کے یہ پیسے release کرتے ہیں اور ان affectees کو دیتے ہیں۔ میں ڈاکٹر صاحب کی تجویز کو صوبائی حکومت NWFP کے ساتھ take up کروں گا۔ دوسرا جو انہوں نے فرمایا تھا کہ SCARP کے projects بلوچستان میں نہیں ہیں، there is no doubt کہ نہیں ہیں۔ اس لئے میں وزارت کو بھی اور واپڈا کو بھی یہ کہہ رہا ہوں کہ جس طرح ریلویز کا فرنٹیئر میں میرے خیال میں ٹوٹل 172 میل ریلوے ٹریک ہے اور کچھ اٹھایا بھی جا رہا ہے، ماری انڈس سے بنوں، میرا خیال ہے ختم ہو گیا ہے۔ اب چند ایک صوبوں میں جہاں اتنی budgeting باقی چیزوں میں ہوتی ہے، تو وہ صوبہ محروم feel کرتا ہے کہ ہمیں اس کا کچھ حصہ نہیں مل رہا ہے۔ میں check dams کے لیے، کاریزوں کے لئے اور water resources کے لئے، کہیں نہ کہیں سے adjust and compensation کے لئے move کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی انور بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! فاضل وزیر صاحب کے علم میں یہ بات ہو گی کہ compensation عام طور پر محکمے کی طرف سے دی بھی جاتی ہے لیکن affectees تک نہیں پہنچتی ہے۔ اب اس سلسلہ میں یہ بورڈ آف ریونیو یا GONWFP لکھا ہوا ہے، جس کے پاس بھی ہے، یہ کب ان کے پاس گئی تھی determination کے لئے اور کتنا عرصہ determination کے لئے، لیں گے اور کیا کوئی justification ہے کہ affectees کو محروم رکھا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان: جناب والا! بالکل کوئی justification نہیں ہے کہ ان کا پیسہ رکھیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: وہ تاریخیں بتا دیں۔

جناب گوہر ایوب خان: میرے پاس تاریخیں نہیں ہیں، میں next rota day پر دے دوں گا لیکن میرے اپنے ایریا میں تربیلہ ڈیم construct ہوا ہے، لوگ پیٹ پیٹ کر تھک گئے ہیں، ایک پشت ختم ہو گئی ہے اپنے dues لینے میں۔ اب غازی بروتھا بن رہا ہے، وہاں بھی لوگ اسی طرح محروم رہ جاتے ہیں اور ایک پشت ختم ہی ہو جاتی ہے اور ان کے کاغذ گھس جاتے ہیں۔ یہاں بھی یہی چیز ہے۔ I am of the view کہ اگر آپ acquire کریں اور پیسہ دیں تا کہ وہ market value کے مطابق لے

سکیں۔ جس چیز کی آج قیمت ایک روپیہ ہے تو اگر آپ دس پندرہ سال کے بعد اسے پیسہ دیتے ہیں تو اس کی تو کوڑی بھر value نہیں رہتی ہے۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر :** جناب والا! کیا واپڈا interest دے گا، یعنی اتنے سالوں کے بعد اگر واپڈا payment کرے گا تو اس کا ذمہ دار کون ہو گا۔ واپڈا یہ ذمہ داری نہیں لیتا اور گورنمنٹ سے صرف deposit کر دینا کافی نہیں ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ یہ رقم affectees تک پہنچ جائے۔ یہ کیا کرتے ہیں کہ ایک دفعہ deposit کرا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ affectees وہاں جائیں اور لیں۔ یہ affectees کے گھر کیوں نہیں جاتے، زمین لے لیتے ہیں، compensation نہیں دیتے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** جی وزیر برائے واپڈا۔

(مداخلت)

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** بھئی اس کا سوال ہے، اس کے تین سوالات ہیں، آپ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تین سوالات سے زیادہ نہ دیئے جائیں۔ جناب وزیر پانی و بجلی۔

(مداخلت)

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** آپ تشریف رکھیں جالب صاحب۔ جو پینل پہلے دن announce ہوا ہے میں اسی پینل میں ہوں۔ دوسرے نمبر پر اگر ذکی صاحب ہوتے تو وہ پریذائیڈ کرتے۔ پہلے دن پینل بنایا جاتا ہے، تین آدمیوں کا اعلان ہوتا ہے۔ میرے خیال میں آپ تھے ہی نہیں اور آپ نے سنا ہی نہیں ہے کہ پینل کا اعلان یہاں ہوا ہے۔ اس کا اعلان پہلے دن ہوتا ہے۔ کوئی جانب داری نہیں ہے۔ اب کہیں گے کہ یہ کیونکہ اس طرف سے ہے اس لئے جانب داری کر رہے ہیں۔ آپ بھی یہ کہہ رہے ہیں۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر :** جناب! یہ بات درست نہیں ہے۔ ہر آدمی اٹھ کر کہتا ہے کہ آپ جانب دار ہیں۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ اگر ہم نے پریذائیڈنگ افسر کی عزت نہیں کرنی تو یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ ہم احتجاج کرتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** حبیب جالب! آپ تشریف رکھیں۔ ماحول کو خراب نہ کریں۔ وزیر صاحب آپ جواب دے دیں۔

**جناب گوہر ایوب خان :** جناب چیئرمین صاحب! سینیٹر بھنڈر صاحب درست فرماتے ہیں کہ affectees کو تکلیف ہوتی ہے۔ محکمہ کیا کرتا ہے کہ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر اعتراض کر دیتے ہیں، عدالتوں میں کیس جاتے ہیں، اپیلیں ہوتی ہیں۔ اس کے بعد ہائی کورٹ میں جاتے ہیں، سپریم کورٹ میں جاتے ہیں۔ بیس بیس سال سے کیسز چل رہے ہیں۔ آج بھی میرے پاس تین کیسز تربیلا کے 72 and 73 سے چل رہے ہیں۔ یہ آج تک decide نہیں ہوئے۔ آپ خود اندازہ لگالیں کہ amounts کیا ہیں اور ان کی value کیا ہو گی۔

اب جناب! میری یہ کوشش ہے اور غازی بروتھا میں یہ کیا ہے کہ اگر affectees ایک سیشن کورٹ میں جیت جاتے ہیں، then the department should not unnecessarily harass them and take them for appeals etc. جیت گئے تو معاملہ ختم ہو گیا۔ اسی لیے میں اس کو ضرور چیک اپ کروں گا اور جلد از جلد compensation ان کو دینی چاہیئے کیونکہ value of money تو روزانہ ختم ہو رہی ہے۔

Mr. Presiding Officer : Last Question, Muhammad Anwar Bhinder.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder : Question No.209.

209. *Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Water and Power be pleased to state the profit earned or loss suffered by WAPDA during 1993-94, 1994-95, 1995-96, 1996-97 and 1997-98?

Mr. Gohar Ayub Khan: The detail of profit earned or loss suffered by the WAPDA Power Wing is given below:-

| Financial Year | Amount (Rs.in billion) |
|---|---|
| 1993-94 | 6 Profit. |
| 1994-95 | 9 Profit |
| 1995-96 | 28.17 Profit. |
| 1996-97 | 1.4 Loss. |

**Mr. Presiding Officer** : Any supplementary question?

**چوہدری محمد انور بھنڈر** : ضمنی سوال یہ ہے کہ 1993-94 میں 6 billion profit تھا' 1994-95 میں 9 billion profit تھا واپڈا کا' 1995-96 میں 28.17 billion profit ہوا لیکن اگلے دوسالوں میں ملاحظہ فرمائیں کہ 1996-97 and 1997-98 میں loss ہوا 1.4 billion and 1.5 billion. میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بہت بڑا ادارہ تھا اس ملک کا جس میں huge profits بھی ہوا کرتے تھے۔ یہ جو losses آئے ہیں 96-97 and 97-98 میں ان کی کیا وجہ ہے؟ کیا جو private power companies کے ساتھ agreements کئے ہیں اس کی وجہ سے ہیں transmission losses کی وجہ سے ہیں یا inefficiency of the WAPDA اس کی وجوہات میں شامل ہے یا کوئی اور وجہ ہے کہ اب یہ نقصان میں جانا شروع ہو گیا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** : وزیر برائے واپڈا۔

**جناب گوہر ایوب خان** : جناب چیئرمین صاحب! 1993-94 میں 6 billion profit تھا اور 1994-95 میں 9 billion اور 1995-96 میں 28.17 billion تھا۔ میں سمجھ رہا تھا کہ شاید بھنڈر صاحب پوچھیں گے کہ ایک دم اتنا profit کیسے ہو گیا۔ جو 28.17 billion تھا یہ کوٹ ادو کا پاورسٹیشن فروخت کیا گیا تھا۔ اس سے جو گورنمنٹ کو کل پیسے ملے تھے وہ $257 million تھے اور جو واپڈا کو اس میں سے ملا وہ $ 207 million تھے۔ اس لئے یہ جو بڑی figure نظر آرہی ہے 28.17 billion روپے کی' profit اس سے reflect ہوتا ہے۔ جب ہم آگے آتے ہیں 1996-1997, 1.4 billion کا loss ہے 1996- 1997 میں Hubco, Capco باقی IPPs وغیرہ وغیرہ Kohinoor Energy, AEGC ان کو by WAPDA 35 billion روپے دیئے گئے اور naturally inefficiency, line losses, tranmission losses, corruption. 1997-1998 میں 55 billion روپے Hubco, Capco اور IPPs کو دیے گئے تھے including the inefficiency of WAPDA جس سے یہ خسارہ آرہا ہے اور شاید اس سال بھی خسارہ آئے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ خواجہ قطب الدین۔

**خواجہ قطب الدین**۔ شکریہ جناب۔ ابھی Minister صاحب نے یہ فرمایا کہ جو کوٹ ادو کا

plant بکا تو اس کی وجہ سے یہ profit دکھایا گیا۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کی accounting یا جو procedures ہیں اس پہ reporting کا کس طریقے سے treatment کیا جاتا ہے۔ کیونکہ کوٹ ادو جو ہے وہ ایک asset کی sale ہوئی تھی۔ اس کو income treatment دی جا سکتی ہے تو آپ نے اس کو ٹھیکے میں income No. 1 کیوں ڈالا؟

دوسرا سوال یہ ہے کہ WAPDA کی وجہ سے بیشتر engineering industry پاکستان خصوصاً پنجاب میں تقریباً بند ہو چکی ہے کیونکہ WAPDA نے وقت پر ان کے dues ادا نہیں کئے۔ اتنا سارا profit کمانے کے باوجود اور پھر میرے خیال میں 28 billion کا profit دکھانے کے بعد carry over بھی ہوا تو domestic industry کے اتنے debts تھے، اب ان debts کی کیا position ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب وزیر صاحب۔ جواب تو سن لیں۔**

**جناب گوہر ایوب خان۔** جناب چیئرمین صاحب! پہلا supplementary جو ہے کوٹ ادو کی sale کا، میں نے آج صبح ہی پوچھا تھا کیونکہ میں نے خود دیکھا کہ یہ 28 billion پر کیسے ایک دم jump ہو گیا، اگر اتنا ہو گیا تو یہ شاید اس کے sale of shares تھے یا debt لیکن I would like to give him the correct information break-up of کوٹ ادو تاکہ House میں کوئی misinformation نہ آئے۔ And I think hopefully, Senate is being called again sometimes at the end of this month یا next month کے شروع میں تو میں ان کو provide کر دوں گا۔

دوسرا انہوں نے درست فرمایا کہ ہماری کافی industry بند پڑی ہے۔ تقریباً 4 ہزار یا ساڑھے چار ہزار یا پانچ ہزار industries بند ہیں اور dues کی وجہ سے ہی نہیں لیکن زیادہ یہ ہے کہ may be inexperience entrepreneur ہیں may be bad location, may be bad feasibility, may be marketing یا جس طرح بھی ہے پرانی machinary تھی اور وہ compete نہیں کر سکتے۔ ہماری پاکستان میں بدقسمتی یہ ہے کہ پاکستان میں رواج ہے کہ ہم import substitution industry لگاتے ہیں۔ Whereas South East Asia میں اور اس pacific rhyme میں تائیوان سے لے کر ملائیشیا تک تمام ملک پہ اپنی industry کو base کرتے ہیں اور latest technology لا کر کرتے ہیں کیونکہ xport ہماری technology latest اتنی نہیں ہوتی۔ Import substitution پہ base ہوتی ہے۔ عموماً کوئی نیا

آیا تو یہ تقریباً ختم ہو جاتی ہے اور یہ وجہ ہے۔ ایک اور سوال آگے آرہا ہے جس میں arrears product وغیرہ آرہے ہیں۔ جناب! وہ جب آئے گا تو میں جواب دے دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ بشیر احمد مٹھ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹھ۔ محترم وزیر نے فرمایا کہ جو industry ہے وہ base کرتی ہیں اور یہاں پہ چیزیں South East Asia والے بناتے ہیں اس طرح ہمیں کرنا چاہیئے، اس pattern پہ جانا چاہیئے۔ میں ان سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہاں جو چیزیں بن رہی ہیں مثلاً meters ہیں یا conductors ہیں یا transformers ہیں، جو بجلی کا سامان یہاں بن رہا ہے which is of a great use to WAPDA کیا وہ standard quality کا ہے کہ substandard ہے۔ Do they confirm to the international standards or not کیونکہ اگر وہ ہوں تو پھر ہم آگے جائیں گے۔ اگر جو بن رہے ہیں اس کا ہی معاملہ خراب ہے تو پھر آگے کیا جائیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب وزیر برائے واپڈا۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! ہمارے جو میٹرز بن رہے ہیں وہ WAPDA کے مطابق specification کے اوپر ہیں لیکن آپ یہ دیکھیں کہ ایک سینیٹر، former Senator تھے وہ میرے پاس آئے، انہوں submersable pumps بنائے اور وہ stainless steel کے تھے، high quality کے جس طرح Rolls Royse ہو لیکن WAPDA کی specification cast iron وہ جو casting ہوتی ہے۔ stainless steel نہیں۔ وہ سینیٹر کہہ رہے تھے کہ میں تو stainless steel pump دیتا ہوں its better, its Rolls Royse of the pumping system لیکن وہ کوٹیشن میں نہیں آتے۔ میں ویسے ہی مثال دے رہا ہوں۔ ہمارے meters according to WAPDA specification ٹھیک ہیں لیکن technology اتنی advance ہو چکی ہے جہاں pilferage or theft ہوتی ہے from the meter اور direct بھی تو ابھی ہمیں computerized pilfer proof meters کی طرف جانا پڑے گا۔ The Telephone Industries of Hurripur والے بنا رہے ہیں اور وہ ان کو بنا سکتے ہیں اور یہ واقعی private sector میں بن سکتا ہے ہمیں اس طرف leap forward کرنا پڑے گا۔ یہ روزانہ کنڈے اتارو، فلاں کو پرچہ دو، فلاں کو یہ کرو، ہنگامہ ادھر ہو، روزانہ Minister استعفیٰ دے، اس جھنجٹ سے ہم آزاد ہو جائیں گے۔ Thank you sir.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر۔ جناب والا! میرا وزیر موصوف سے یہ سوال ہے کہ کیا وجہ ہے واپڈا کے accounts کا audit کوئی آزاد یا غیرجانبدار ایجنسی نہیں کرتی ، نہ تو کوئی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ واپڈا کے اکاؤنٹس کا آڈٹ کرتا ہے نہ کوئی طریقہ ہے کہ اس کے accounts audit ہوں ۔ آپ کس طرح سے تعین کریں گے کہ واپڈا کے اکاؤنٹس قانون اور انصاف کے مطابق درست ہیں کہ نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ losses کی وجہ کیا یہ نہیں ہے کہ حکومت کی تبدیلی کے بعد موجودہ حکومت واپڈا کو چلانے میں ناکام رہی ہے اور ایک profitable institution Peoples Party کی حکومت کے خاتمے کے بعد سے اب losses میں چل رہا ہے۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! فگرز سامنے ہیں، سینیٹر اقبال حیدر صاحب نے دیکھے ہوں گے کہ 1995-96 میں it was only due to Kapco اور پھر 1996-97, 1.4 billion rupees سے loss شروع ہو گیا تھا because of the IPPs جن کو 1996-97 میں 35 billion rupees دینے پڑے اور 1997-98 میں 55 billion روپے دینے پڑے۔

دوسرا انہوں نے جو independent auditors سے audit کرانے کا کہا ہے، عموماً accounts independent auditors سے audit ہونے چاہیئں اور یہ اتنی بڑی organization ہے جس میں figures upto date ہونے چاہیئں۔ لیکن میں ان کے لئے اور باقی honourable members کے لئے کہتا ہوں کہ یہ واپڈا کو apply نہیں کرتا۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ ایک بڑی اچھی کمپنی تھی، اسے کچھ آڈیٹرز درکار تھے، انہوں نے interview وغیرہ کیا، آڈیٹر آئے ۔ ایک نوجوان آدمی آیا تو اس سے پوچھا گیا کہ دو اور دو کتنے ہوتے ہیں اس نے جواب دیا کہ چار ، چیئرمین نے کہا، جاؤ نکل جاؤ تمہیں کچھ پتہ نہیں ۔ دوسرے کو بلایا اور اس سے پوچھا دو اور دو کتنے ہوتے ہیں ۔ اس نے جواب دیا" اس کو بھی کہا You haven't learned anything جاؤ۔ تیسرے کو بلایا اور چیئرمین نے پوچھا دو اور دو کتنے بنتے ہیں تو اس نے کہا کہ باقی ڈائریکٹرز کو آپ کمرے سے ہٹائیں تو میں بتاتا ہوں، تو اس نے کہا اچھا he is a fellow who has some brain, اس کو میں دیکھتا ہوں اس نے کمرے سے ڈائریکٹرز نکالے اور پوچھا کہ young man two and two کتنے بنتے ہیں، اس نے کہا چیئرمین صاحب! جتنے آپ کہتے ہیں اتنے میں لکھ دوں گا اور کیا چاہتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔

**ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ** ۔ شکریہ جناب! میں وزیر موصوف سے یہ سوال پوچھنا چاہتا تھا کہ اس ملک میں جن کے اوپر ایک لاکھ روپے سے زیادہ کے بل ہیں' وہ نہ دینے والے کتنے ہیں؟ سرمایہ دار' جاگیردار مجھے ان سے خاص دلچسپی ہے کیونکہ اس ملک کو یہی لوٹتے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ دیکھیں 4650 کمرشل بزنس کرنے والے لوگوں کی تعداد ہے اور 6666 industrialists ہیں۔ بڑے سرمایہ دار اور جاگیرداروں کی تعداد 4375 ہے اور جو domestic ہیں اس میں بھی میرا اپنا اندازہ ہے 7564 بڑے بڑے بنگلے والے جن کے لاہور' اسلام آباد' کوئٹہ' پشاور' کراچی میں بنگلے ہیں' جہاں وہ بیس بیس airconditioners چلاتے ہیں' ان کے ٹیلیفون فری' ان کی بجلی فری اور ڈائریکٹ ' ملک تو یہ لوٹ رہے ہیں۔ وزیر صاحب نے بڑا اچھا جواب دیا ہے کہ 114 crore reupees بڑے بڑے محلات اور بنگلوں والوں کے اوپر ہیں اور بزنس کرنے والوں پر 252 کروڑ روپے ہیں۔ Industrialists پہ 260 crores اور total 651 crore rupees اس ملک کے ڈوبے ہوئے ہیں ان لوگوں کے اوپر جو اس ملک کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ اچھا غضب کیا ہے۔ آپ کو بتاتا چلوں کہ جو ۳ ہزار تنخواہ لیتا ہے اس کو ایک ہزار کا بل پکڑا دیا۔ میرا وزیر موصوف سے یہ سوال ہے کہ جو بڑے لوگ ہیں سرمایہ دار' جاگیردار ان کی چٹی غریب پہ جا کر پڑتی ہے' چھوٹے ملازم پہ یا عام کاشتکار پہ' کیا اس کا ازالہ کریں گے اور یہ رقم کب وصول کریں گے؟

**جناب گوہر ایوب خان** : جناب چیئرمین! ڈاکٹر صاحب نے جواب کو study کیا ہے لیکن میں تھوڑی سی اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

Commercial private consumers are 1055 and government are 3590, Industrial private are 3025 and government are 3641, domestic private are 4226 and government are 3338, agriculture private are 11416 and government are 12960, others private are 26 and government are 3540.

تو private ہیں لیکن اس میں provincial government زیادہ involve ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Question Hour ختم۔

&210. ***Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the particulars of the electricity consumers who are defaulters of an amount of one lac and above ; and

(b) the steps being taken by the government to recover the outstanding amout?

**Mr. Gohar Ayub Khan:** (a) WAPDA: DISCOs-wise number of defaulter above one lakh (Commercial, Industrial, Domestic, Agricultures and Others) are:-

| | Commercial | | Industrial | | Domestic | | Agriculture | | Other's | | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | No. | Amount in Million | No. | Amount in Million | No. | Amount in Million | No. | Amount in Million | No. | Amount in Million | (Rs. in Million) |
| 1. LESCO | 336 | 116.7 | 841 | 760 | 365 | 136.0 | 1289 | 602.3 | 360 | 452.1 | 2067.2 |
| 2. GESCO | 86 | 21.1 | 214 | 147.4 | 55 | 20.2 | 888 | 543.3 | 108 | 767.1 | 1499.3 |
| 3. FESCO | 61 | 19.7 | 201 | 117.0 | 53 | 36.2 | 1896 | 729.1 | 139 | 317.1 | 1219.3 |
| 4. IESCO | 455 | 529.1 | 507 | 716.2 | 336 | 237.0 | 233 | 181.4 | 885 | 2716.2 | 4380.6 |
| 5. MEPCO | 372 | 115.7 | 591 | 298.3 | 307 | 146.4 | 2467 | 620.5 | 267 | 396.7 | 1577.8 |
| 6. PESCO | 702 | 207.0 | 1404 | 730.1 | 1500 | 461.7 | 2344 | 767.4 | 655 | 1784.5 | 3950.9 |
| 7. HESCO | 1976 | 1650.4 | 2309 | 4942.3 | 2879 | 2281.5 | 5607 | 3831.5 | 1029 | 2239.0 | 14944.9 |
| 8. QESCO | 632 | 212.2 | 599 | 330.8 | 2069 | 598.4 | 9651 | 4300.6 | 122 | 390.9 | 5833.1 |
| G. Total : | 4650 | 2871.9 | 6666 | 8042.1 | 7564 | 3917.4 | 4375 | 11576.1 | 3565 | 9064.2 | 35473.48 |

*KESC :*

| Category | Total No. of Consumer one Lakh and above | Amount Outstanding |
|---|---|---|
| Domestic | 5373 | Rs. 1147.149 Million |
| Commercial | 9245 | 2529.100 |
| Industrial | 3278 | 2609.708 |
| Agriculture | 703 | 225.327 |
| Others | 5 | 2.675 |
| | 18604 | 6513.959 |

+ Question hour is being over. The remaining question and their answers will be placed on the table of the House.

(b) Strenuous efforts are being made to recover the outstanding dues from private consumbers through disconnection and engaging the services of Tehsildars and Military Personnels. As regards, Government arrears, matter has been taken-up with the Finance Division, GOP, Islamabad for arranging early payment.

Disconnection through KESC resources Raid through Army Personnels.

## UNSTARRED QUESTIONS

+22. Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs be pleased to state:

(a) whether there is any proposal under consideration of the Governemnt to set-up Department of Conservation of Historical Monuments, Archaeological Survey of Paksitan and Board of National Museums fo Pakistan, if so, its details; and

(b) whether it is a fact that former Director General of Archaeology and Museum, Shaikh Khurshid Hassan had submitted his proposals for reorganization of department of Archaeology and Museums, if so, its details?

Mr. Mushahid Hussain Syed: (a) No.

(b) No.

+23. Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the province-wise details of the sites which have been drilled for oil or gas exploration indicating also the sites which were

+ Deferred from the 5th May, 1999.

successful/unsuccessful in the formtion of HABIB RAHI, DUNGHUN, MOGHUL KOT, PAB, other Cretaceous and CHILTAN; and

(b) the future plans to find oil and gas in these Formations?

**Ch. Nisar Ali Khan:** (a) The details are given in Annex-I.

(b) Exploration activities are in progress in the areas containing these formations where exploration licences have already been granted. Efforts are also in hand to attract risk investment in the remaining prospective areas.

(Annexure has been placed on the table of the House and a copy has also been provided to the Member).

@25. **Mr. Saifullah Khan Paracha:** will the Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs be pleased to state:

(a) the details of the efforts made for providing necessary funds and for carrying out research work on the cave paintings in Tehsil Musakhel, District Loralai, Balochistan;

(b) the date of the last visit to these cave paintings by a qualified archaelogist indicating also his name, qualification and grade; and

(c) the time by which a qualified archaelogist will be sent to visit these cave paintings as the first step towards research work?

**Mr. Mushahid Hussain Syed:** (a) The provincial Government of Balochistan (Information, Sports, Tourism and Culture Department) had been carrying out archaeological survey in the Province of Balochistan and it was during the survey that the cave paintings in Musakhel, District Loralai were reported. the position of funds provided by the Provincial Government of Balochistan for research work on the cave paintings is being sought from them.

(b) Dr. Fazal Dad Kakar, Curator, Quetta Museum under the information, sports, Tourism and Culture Department, Government of Balochistan visited these cave paintigns in february, 1998. Dr. Kakar is a professional archaelogist having M.Sc. Degree in geography from Karachi University and PH.D. from France. He is an officer of BS-18 holding the post of Curator, Quetta Museum.

(c) Dr. Fazal Dad Kakar, an archaeologist under Government of Balochistan is already working on these cave paintings. As such, the Federal Department of Archaeology and Museum do not intend to interfere on the ongoing research work by Dr. Kakar at this stage.

@26. **Mr. Saifullah Khan Paracha:** Will the Minister for Water and Power be pleased to refer Unstarred Question No.19 replied on 6th November, 1998 and state the details of the steps proposed to be taken by the Government to get electric power to meet the estimated peakload forecasts in MW during 1999 and year 2000?

**Mr. Gohar Ayub Khan:** Existing capacity is sufficient to meet the load requirements of the country during the years 1999 and 2000.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** اب مجھے چھٹی کی درخواستیں پڑھنے دیں۔

## LEAVE OF BASENCE

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** حاجی گل آفریدی ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے مورخہ ۴ تا ۱۰ مئی اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

---

@Deferred from 5th May.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سید قاسم شاہ ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ ۱۰ تا ۱۲ مئی اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قاضی محمد انور ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ ۱۲ اور ۱۴ مئی کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب مختار احمد خان ذاتی وجوہات کی بناء پر مورخہ ۱۲ اور ۱۳ مئی کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ماجد سلطان اپنی ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ ۵ تا ۱۱ مئی اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب آفتاب احمد شیخ صاحب۔

## POINTS OF ORDER

## (I)RE: EXTRAJUDICIAL KILLINGS AND ATROCITIES OF POLICE AGAINST PEOPLE IN KARACHI.

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب چیئرمین! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے فلور دیا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ راجہ صاحب پرسوں یہاں موجود تھے۔ ہم نے ان کے سامنے یہ بات اٹھائی تھی کہ کراچی میں ۱۰ سے زیادہ ماورائے عدالت قتل ہوئے ہیں۔ جن کی رپورٹیں آ گئی ہیں۔ راجہ صاحب نے

گورنر صاحب سے پوچھ کر ہاؤس کو آج یہ بتانا تھا کہ آیا ان رپورٹوں پر عمل درآمد ہو رہا ہے کہ نہیں۔ راجہ صاحب نے جو جواب دیا تھا وہ یہ دیا تھا

Sir, this point is raised by Senator Aftab Sheikh and they have already asked the Governor of Sindh to advise us and through us the House that what action has been taken so far against those people who have been found guilty. I hope that they will be able to inform the House specially , the Senator before the conclusion of this session.

میں نے تو یہ کہا تھا کہ ۱۳ کو سیشن ختم ہو رہا ہے لہذا مہربانی کرکے آپ ۱۱ کو یا ۱۲ کو معلومات کرلیں۔ تو ایک بات یہ آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا انہوں نے معلومات کی ہیں۔ اگر معلومات کی ہیں تو کیا جواب آیا ہے۔ دوسری بات میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل ۳۰-۱۱ بجے دن کو ہمارا جو سیاسی ہیڈ کوارٹرز ہے " نائن زیرو " اس پر پولیس نے بلا جواز فائرنگ کی ہے۔ فائرنگ کرنے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ پولیس نے ۲ اوپن فائر کئے ہیں۔ اچھا ہوا کہ محلے کے لوگ بچ گئے۔ محلہ کے لوگ جو ڈر اور خوف سے پریشان تھے، گھروں سے نکل آئے، بجلی نہیں تھی وہ پہلے باہر کھڑے ہوئے تھے۔ کراچی میں آپ کو پتہ ہے کہ بجلی کا ایک بحران ہے، لوگ گھروں سے باہر تھے۔ وہ سب خوف زدہ ہو گئے، وہاں موبائل پولیس آئی۔ موبائل پولیس نے ان کو گالیاں دیں تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ firing کا جواز کیا تھا۔ کیوں firing وہاں پر کی گئی؟

تیسری بات آج کا ایک واقعہ ہے کہ ہمارے ایک ممبر قومی اسمبلی شیخ لیاقت علی جو پارلیمنٹری لیڈر ہیں نیشنل اسمبلی میں ہمارے MNAs کے، ان کے ڈرائیور کو پولیس نے پکڑا اور اسے خوب مارا۔ اتنا مارا کہ اس کی ہڈی پسلی ایک کر دی۔ اس کو چونا، ہلدی، bandage لگایا گیا ہے اور اس کی بری حالت ہے۔ پھر پولیس والوں نے اور مارنے والوں نے اب یہ دھمکی دی ہے کہ شیخ لیاقت کا بھی ایسا ہی حشر کریں گے یعنی MNA صاحب کا بھی۔ تو ایک تو یہ کہ مجھے جواب چاہیے۔ راجہ صاحب نے جو معلومات حاصل کی ہیں وہ ہاؤس کو بتائیں کیونکہ یہ انہوں نے commitment کی تھی کہ وہ معلومات کر کے ہاؤس کو بتائیں گے اور ہاؤس کے through مجھے بتائیں گے، ایک بات۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ دو واقعات ہیں جن کو میں ان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اب ڈرائیور کو مارا جا رہا ہے، MNAs کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ نائن زیرو پر firing ہو رہی ہے۔ اس حوالے سے اگر راجہ صاحب، کوئی جواب

دینا چاہیں تو دیں ورنہ ہم walk out کریں گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جناب راجہ صاحب۔

**راجہ محمد ظفر الحق**۔ جناب چیئرمین! میں تینوں کو اکٹھا ہی لیتا ہوں کیونکہ تینوں ہی بہت اہم ہیں۔ میں ابھی جا کر دوبارہ پتہ کرتا ہوں تا کہ وہ بات بھی پوری ہو جائے کہ Session ختم ہونے تک جواب دیا جاسکے۔ آج ہی یعنی ختم ہونے سے پہلے پہلے میں اس کا پتہ کر کے آتا ہوں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب۔

(II) RE: DESECRATION OF "MAZAR" OF HAZRAT AAMNAS.

**مولانا محمد عبدالستار خان نیازی**۔ جناب چیئرمین صاحب! اخبارات میں یہ خبر آئی تھی۔ نبی پاک صلعم کی والدہ ماجدہ سیدہ آمنہ علیہ السلام کے مزار کو گرا دیا گیا ہے۔ اس کے متعلق عالمی اہل سنت کی طرف سے محمد اطہر قادری اور دوسرے لوگوں نے روزہ رکھ کر پارلیمنٹ کے سامنے انہوں نے مظاہرہ کیا۔ انہوں نے DC کو بتایا کہ ان کا مظاہرہ پر امن ہے۔ یہ محض اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم کی والدہ ماجدہ کی عزت و تکریم اور ادب ہر امتی کے لئے فرض ہے۔ اس لئے اگر سیدہ آمنہ علیہ صلوۃ والسلام کے مزار کو گرایا گیا ہے تو یہ ایک بری بات ہے، پھر ایسا بیان بھی دیا۔ سعودیہ سے وہاں کے فرمانروا تشریف لائے ہیں۔ انہیں میں متوجہ کرنا چاہتا ہوں اس معاملے میں کہ حضور صلعم کی والدہ ماجدہ کے مرکز کا احترام کیا جائے۔ یہ آپ صلعم کی والدہ کی قبر ہے اس لئے اس کی احتیاط کی جائے۔

اب ایک اور بھی خبر آئی ہے کہ مزار نہیں گرایا گیا۔ اس کے لئے کوئی سند نہیں بتائی گئی۔ ایک اہل حدیث کے مولوی کا بیان ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ تمام فرقے مسلمانوں کے مزارات کی عزت و ادب کرتے ہیں، ان کی توقیر کے لئے سب متفق ہیں۔ اہل حدیث بھی مخالف نہیں ہیں۔ لیکن مزارات کے بارے میں ان کا نقطہ نگاہ کچھ اور ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کی فوراً تحقیق ہونی چاہیے۔ میں درخواست کروں گا راجہ ظفر الحق صاحب سے کہ وہ اپنے Ambassador باقاعدہ رابطہ پیدا کریں اور معلوم کر کے جائیں کہ سیدہ آمنہ علیہ السلام کا مزار موجود ہے یا ٹوٹ گیا ہے۔ مدینہ منورہ میں جو کونسلیٹ جنرل ہے اس سے بھی رابطہ کریں۔ اللہ کرے! کہ مزار موجود ہو۔ یہ ساری بات ختم ہو جائے گی۔ لیکن خدا نخواستہ اگر یہ مزار توڑا گیا ہے، خادم الحرمین شریفین کنگ فہد کا یہ فرض ہے، وہ جو خادم الحرمین شریفین ہیں تو حرمین شریف کی عزت و

آبرو حضورصلعم کی وجہ سے ہے۔ حضورصلعم سے جو تعلق ہے کسی کا اس کی عزت و حرمت حضورصلعم کی وجہ سے ہے، حضورصلعم کی والدہ کی عزت و ادب اور تکریم ہم پہ فرض ہے۔ اس لئے یہ مزار کا جلایا جانا یہ ایک بری بات ہے۔ روح زمین پر کسی نبی کی والدہ کا مزار موجود نہیں ہے۔ والد کا مزار موجود نہیں ہے۔ یہ ایک واحد تاریخی مقام ہے اس کی احتیاط کرنی چاہیے۔ میں جناب راجہ ظفر الحق سے درخواست کروں گا کہ وہ حکومت کے نمائندے کی حیثیت سے باقاعدہ رابطہ پیدا کریں، ایمبیسڈر سے کریں، کونسل جنرل مدینہ سے کریں یا وہاں جا کر دیکھیں اور خود وزیراعظم اور صدر مملکت کو بھی اس معاملے میں عزت کا، وقار کا، تحریم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دلچسپی لینی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ راجہ صاحب کے بھی حضور کی والدہ کے متعلق یہی جذبات ہیں ۔ یہ فوری طور پر رابطہ کر کے بتائیں، اخبارات میں بھی اعلان کریں کیونکہ ایک طرف سے آیا ہے کہ مزار موجود ہے۔ اکثریت کہہ رہی ہے کہ مزار موجود نہیں ہے۔ لوگوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے جو کوئی ہنگامہ نہیں کر رہے تھے۔ آج یہ معلوم ہوا ہے کہ ان سے ملاقاتیں بھی نہیں ہو رہیں ۔ یہ ظلم کی بات ہے۔ یہ نبی پاک کی محبت، عزت و احترام کا اظہار تھا ۔ ان کو فوراً رہا کیا جائے۔ راجہ صاحب !اس معاملے میں فوری دلچسپی لے کر ایمبیسڈر کو بھی کہیں کہ وہ کونسل جنرل سے کہیں اور اگر باقاعدہ مزار موجود ہے تو بتا دیں کہ مزار موجود ہے، اگر گرایا گیا ہے تو اس کو تعمیر کیا جائے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، راجہ صاحب ! اس کے بارے میں کچھ کہیں گے۔

**راجہ محمد ظفر الحق** ، جناب چیئرمین ! چند ہفتوں سے ----

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، لیکن اس پر ایک تردیدی بیان سلطان کا بھی میری نظر سے گزرا تو تھا۔

**راجہ محمد ظفر الحق** ، جو نائب وزیراعظم صاحب سعودی عرب سے تشریف لائے تھے، ان کو ایک وفد ملا تھا اور انہوں نے یہی فرمایا تھا کہ اس کو مسمار نہیں کیا گیا ۔ اس کا انہدام عمل میں نہیں لایا گیا لیکن اگر جناب مولانا صاحب فرماتے ہیں تو ہم اس کی اپنے ذرائع سے بھی تصدیق کرلیں گے کہ اصل صورت حال کیا ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، زاہد محمد خان ۔ لیکن میں یہ گزارش کروں گا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آدھے گھنٹے کے لئے پوائنٹ آف آرڈر تھا ۔ اب میرے خیال میں پانچ منٹ تو ہو گئے ہیں۔

فیصلہ یہی تھا کہ پوائنٹ آف آرڈر آدھے گھنٹے کے لئے ہے۔ اس کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

**جناب محمد زاہد خان :** شکریہ جناب چیئرمین ! میرا پوائنٹ آف آرڈر forest سے متعلق ہے کہ موجودہ مرکزی حکومت نے اپنے دور میں forest پر پانچ سال کے لئے پابندی لگائی تھی پھر اس میں دو سال کی extension کی گئی ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوگیا۔ جناب ! اب حالات یہ ہیں کہ ہمارے صوبے کے چیف منسٹر نے افغانستان کے نام پر لکڑی کے پرمٹ دیئے ہیں اور دیر کا جنگل اس وقت تباہی کے دہانے پر ہے۔ اس طرح کٹتا جا رہا ہے جس طرح جنگل کو آگ لگی ہوئی ہو۔ جناب ! گیارہ لاکھ فٹ کا ایک بندے کو پرمٹ دیا گیا ہے اور اس شخص کا نام شریف اللہ ہے اور موجودہ حکومت نے اس پر الزام لگایا تھا کہ یہ زرداری کے ساتھ ملا ہوا ہے' شیر پاؤ کے ساتھ مل کر اس نے پانچ کروڑ روپے دیئے ہیں۔ اس شخص کو موجودہ حکومت نے گیارہ لاکھ فٹ کا پرمٹ دے دیا اور اس نے اس لکڑی کو کاٹا ہے جو ہمارے اپنے علاقے کی ہے' پاکستان کی ہے اور وہاں کے رہنے والے لوگ نہیں کاٹ سکے۔

دوسرا ڈھائی لاکھ فٹ کا پرمٹ کمبٹ میں دیا ہے۔ کمبٹ دیر کی سب ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر ہے۔ ڈھائی لاکھ وہاں پر افغانستان سے کیسے آیا۔ یہ گیارہ لاکھ جو پاکستان کا حصہ ہے' اس سے دیا ہے۔ دیر کے جنگل رشوت کے ذریعے بے دریغ کٹتے جا رہے ہیں۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ رشوت سے یہ پرمٹ دیئے گئے ہیں اور اس کے ذریعے ہارس ٹریڈنگ ہو رہی ہے۔

جناب والا ! میں اس لئے یہاں پر یہ پوائنٹ اٹھانا چاہتا ہوں کہ فارسٹ کی منسٹری نہیں ہے کیونکہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔ لیکن صوبائی معاملہ پر گورنمنٹ نے پابندی کس طرح لگائی ہے۔ کون سے آئین کے ذریعے لگائی اور اگر پابندی لگا سکتے ہیں تو پھر یہ ہاؤس مجاز ہے کہ یہاں ایک کمیٹی بنائی جائے جو دیکھے کہ لکڑی یہاں سے دھڑا دھڑ لے کر جا رہے ہیں۔ جناب ! میں اس دن آ رہا تھا' صبح کا وقت تھا' ایک گھنٹے میں تقریباً سو ٹرک میرے سامنے سے گزر گئے۔ سو ٹرک کیسے پاکستان کے ایریا سے افغانستان کے لئے گزر رہے ہیں۔ تو آپ مہربانی کریں' اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں۔ یہ ہاؤس مجاز ہے کہ اس ہاؤس سے ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ یہ تحقیقات کرے کہ یہ لکڑی افغانستان کی ہے یا پاکستان کی ہے۔ جبکہ افغانستان کے جنگل تو بہت پہلے ختم ہو چکے ہیں۔ اس لئے میری آپ سے عرض ہے کہ ہاؤس سے ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ تحقیقات کرے کہ واقعی یہ افغانستان سے ہے اور اگر وہاں سے نہیں ہے تو اس میں کونسے لوگ ملوث ہیں۔ اور یہ پاکستان کے جنگل جو بے دریغ کاٹے جا رہے ہیں جبکہ اس پر پابندی ہے تو پھر تو پابندی کا کوئی جواز ہی نہیں رہا جو کہ مرکزی حکومت نے لگائی ہے۔ تو اس لئے اس ہاؤس

میں اس کا جواز پیدا ہوتا ہے کہ اس ہاؤس سے کمیٹی بنائی جائے جو فیڈریشن کا نمائندہ ہے ۔ وہ تحقیقات کرے ۔ تاکہ جائز حقائق سامنے لائے جاسکیں ۔ تب تو ہمارے جنگلات بچ جائیں گے ورنہ دیر کے جنگل جس طرح کاٹے جارہے ہیں ٹمبر مافیا کی وجہ سے' وہ مہینے دو مہینے میں ختم کردے گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔اس کے بارے میں وٹو صاحب کوئی جواب دیں گے ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ۔ جناب ! انہوں نے خود فرمایا ہے کہ یہ صوبائی حکومت سے متعلق ہے ۔ جناب ! صوبائی حکومت سے پتہ کرنا پڑے گا اور اگر مرکزی حکومت نے پابندی لگائی ہے تو اس کا بھی پتہ کرکے پہلے انفارمیشن حاصل کر لی جائے ۔ پھر اس کے مطابق دیکھیں گے کہ اگر کمیٹی کی ضرورت ہے تو کمیٹی بھی appoint کر دیں گے ورنہ سٹینڈنگ کمیٹی تو ساری چیزوں کی موجود ہے ۔ اسمیں اس کو بھی اٹھایا جاسکتا ہے ۔

**جناب محمد زاہد خان** ۔ مجھے بتائیں کہ جنگلات کی سٹینڈنگ کمیٹی کہاں ہے ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ۔ جناب خوراک و زراعت کی سٹینڈنگ کمیٹی موجود ہے' وہی اس کو دیکھتی ہے ۔

**جناب محمد زاہد خان** ۔ پھر آپ نے پابندی کیوں لگائی ہے ۔ پابندی لگانے کا کیا حق تھا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔جواد ہادی صاحب ۔

**سید محمد جواد ہادی** ۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کے توسط سے دو اہم نکتوں کی طرف حکومت کو متوجہ کرتا ہوں ۔ ایک اہم پوائنٹ جو مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب نے اٹھایا ۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور کروڑوں مسلمانوں کا مسئلہ ہے ۔ پوری دنیا کے مسلمانوں میں تشویش ہے ۔ اس سے پہلے بھی سعودی عرب میں آئمہ اہل بیت کی قبور مسمار ہو چکی ہیں ۔ فاطمۃ الزہرا حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کی قبر مسمار ہو چکی ہے ۔ اور یہ تشویشناک خبر ہے جس کی تردید بلاشبہ آ چکی ہے لیکن اس سے پوری دنیا میں تشویش ہے ۔ اس کو lightly نہ لیا جائے یہ پورے ہاؤس اور مسلمانوں کا مسئلہ ہے ۔ اس پر ہم احتجاج بھی کرتے ہیں اور حکومت سے تقاضا کرتے ہیں کہ اس مسئلے میں سنجیدہ کوششیں کرے ۔

## (iii) RE: SUSPICIOUS ACTIVITIES OF AMERICAN COMMANDOS IN WAZIRISTAN AGENCY.

**سید محمد جواد ہادی،** دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ کچھ عرصے سے پاکستانی اخبارات میں یہ خبر آرہی ہے کہ وزیرستان ایجنسی میں امریکی کمانڈوز کی مشکوک سرگرمیاں ہیں اور وہ وہاں پھر رہے ہیں۔ وہاں کی انتظامیہ سے ان کا کوئی رابطہ بھی نہیں ہے۔ وہ اپنے طور پر پھر رہے ہیں۔ اور آج یہ نوائے وقت میں خبر آئی ہے کہ یمن میں امریکی کمانڈوز اور اسامہ کے ساتھیوں میں تصادم کا خطرہ ہے علاقے میں پراسرار اڈے کا بھی سراغ مل گیا۔ ایک چھوٹا ہوائی جہاز بھی موجود تھا۔ دیکھیئے جناب چیئرمین! پتہ نہیں اس ملک کی کوئی سرحدیں بھی ہیں یا نہیں۔ یہاں کوئی قانون ہے یا نہیں۔ جو چاہیں وہ ہزاروں میل دور سے آجاتے ہیں، اپنی مرضی کی کارروائی کرتے ہیں۔ نہ حکومت کو ان کے آنے کا اور نہ جانے کا پتہ ہوتا ہے۔ اس سے پہلے بھی وہ اپنی مرضی سے رمزی کو اٹھا کر لے گئے۔ ایمل کانسی کو اٹھا کر لے گئے اور آجکل وہ پاکستان میں اسامہ کو تلاش کر رہے ہیں۔

میں حکومت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ خبریں صحیح ہیں۔ اس قسم کے امریکی کمانڈوز پاکستان میں سرگرم عمل ہیں۔ چونکہ عملی طور پر یہ ثابت ہو چکا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے بلا اجازت اور بلا اطلاع دیئے ہوئے اس پر کارروائی کر چکے ہیں۔ کیا یہ بھی ہو رہا ہے؟ اگر نہیں ہو رہا ہے تو اس ہاؤس کو بتا دیں کہ کیا صورتحال ہے۔ ہمارے علم میں لائے بغیر کروز میزائل ہمارے اوپر بھی پھینک دیئے اور افغانستان پر بھی چلائے۔ خدانخواستہ ہماری فضا سے اور تو کوئی کارروائی نہیں ہو رہی۔ ہماری حکومت کو کچھ علم ہے یا نہیں؟

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** جناب وٹو صاحب۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ۔ جی وزارت داخلہ کے ساتھ رابطہ کریں گے۔ ان سے پتا کرتے ہیں کہ کیا صورتحال ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ جناب تاج حیدر صاحب۔

**خواجہ قطب الدین** ۔ چیئرمین صاحب! اب اس کے بعد مجھے موقع دیجئے جناب۔

**جناب تاج حیدر** ۔ کل جناب چیئرمین صاحب نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی system adopt

کر لیا جائے points of order کے سلسلے میں تو بہتر ہو گا اور انہوں نے فرمایا تھا کہ اگر آپ ہاؤس سے گھنٹہ بھر پہلے بھی لکھ کر دے دیا کریں تو متعلقہ وزیر صاحب آ جائیں گے۔

I complied with the requirement then and there and I gave my point of order in writing to the Senate Secretariat yesterday in the evening session and I saw the Chairman giving direction on that.... .

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ جی، بہت شکریہ۔

جناب تاج حیدر ۔ لیکن متعلقہ وزیر تشریف نہیں لائے ہیں اس point of order کا جواب دینے کے لئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ لیکن وہ جواب تو آپ کے پاس ہے۔وہ نوٹ کر لیں گے۔

جناب تاج حیدر ۔ وہ تو ہے لیکن جو چیئرمین صاحب کل چاہ رہے تھے وہ ایک side سے پورا ہوا ہے دوسری side سے پورا نہیں ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ وہ صرف آپ کی طرف سے پورا ہوا ہے اور کسی کی طرف سے نہیں، صرف آپ نے پورا کیا ہے۔

جناب تاج حیدر ۔ کیا ہے۔لیکن یہ ہے کہ بہر حال ۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ مہربانی آپ کی۔

## (iv) RE: INCREASE IN ELECTRICITY TRAIFF IN KARACHI AND ALLOCATION OF FUNDS TO KARACHI UNIVERSITY.

جناب تاج حیدر ۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ کئی دفعہ ایک سلسلہ ہوتا رہا کہ responsible forums پہ statements دی جاتی ہیں اور پھر ان کے خلاف کام کیے جاتے ہیں اور ان کے خلاف باتیں بتائی جاتی ہیں ۔ مثلاً ہماری جو under developed areas کی کمیٹی تھی، سینیٹر طاہر بزنجو اسے preside کر رہے تھے کراچی میں ۔ ہمیں گورنمنٹ آف سندھ نے کہا کہ NFC کی instalments کے چھ بلین arrears میں ہیں۔ یہاں اسحاق ڈار صاحب نے کہا کہ کوئی arrear نہیں ہے، upto date payment کر دی گئی ہے ۔اسی اجلاس میں یہ بات point out کی گئی اور منسٹر واپڈا نے accept کیا

کہ جناب IPP سے دو روپے ستر پیسے فی یونٹ بجلی مل رہی ہے اور واپڈا تین روپے نو پیسے دے رہی ہے۔اور پھر انہوں نے یہ بھی کہا کہ کراچی کو

we will not leave at the mercy of WAPDA. Sir, that statment was very well received in Karachi. It was welcomed and newspapers coming out from karachi published it as a front page story, the assurance of the Minister.

گیارہ تاریخ کو ڈان میں یہ خبر چھپی کہ تین روپے نو پیسے سے ریٹ بڑھا کر پانچ روپے کر دیا گیا ہے ۔ اس ریٹ پر واپڈا کراچی کو بجلی بیچے گی and with retrospective effect وہ ریٹ کیا گیا ہے اور کراچی کے Industrial حلقوں میں crisis ہے and they have sent an SOS to the Prime Minister

گیارہ تاریخ کو جس کی طرف میں خصوصی طور پر توجہ دلانا چاہوں گا ۔یہ خبر چھپی ہے ۔ کراچی یونیورسٹی فنانشل کرائسز ۔ اس سے چند روز قبل سینیٹر جمیل الدین عالی preside کر رہے تھے ، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی presentation ہو رہی تھی ہماری کمیٹی میں and sir, the committee was

اور assured that the universities are being well looked after. There are no arrears. ان کو تمام payments کی جا رہی ہیں ۔ Vice Chancellor Karachi University اس خبر کے ذریعے کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے چار سو ستر ملین کی ڈیمانڈ بھیجی تھی جس میں سے صرف ایک سو ستر ملین accept ہوئی اور اصل disbursement 110 million ہوئی اور چار مہینے سے جو ماہانہ گرانٹ کراچی یونیورسٹی کو ملنی چاہیے تھی وہ نہیں دی گئی ہے ۔اور کراچی یونیورسٹی اپنی روزانہ ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ، تنخواہوں اور دوسرے اخراجات کے لئے ، اپنے reserved funds کو بھی استعمال کر چکی ہے ۔

جناب والا! ہمیں یہ بتایا گیا کہ کراچی یونیورسٹی 38% اپنے ذاتی resource mobilization کر کے اسے کر رہی ہے

and we were given the assurance and the Chairman of the Committee Senate, Jamiluddin Aali will bear me out , we were given the assurance that the special requirements of the Karachi University of a hundred million rupees which they need for repair of their old buildings shall be met with. We were given this assurance but now we find that for the last four months, Karachi University has

not received its normal grant even. Sir, why this contradiction is, whom the government is trying to make fool. I come from a city which contributes 200 billion yearly in taxes.

میرے شہر میں ایک یونیورسٹی ایسی نہیں ہے جہاں میں بچوں کو بھیج سکوں۔ There is not a single university. Sir, we had a university earlier جہاں سے میں پڑھ کر نکلا تھا۔ اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ اگر آپ کو بچے پڑھانے ہیں تو دس پندرہ لاکھ روپیہ خرچ کریں۔ یا تو اسے کسی باہر کی یونیورسٹی میں بھیجیں یا پھر اسے باہر کی allied University میں بھیجیں۔ کراچی یونیورسٹی کے ساتھ یہ تمام چیزیں کیوں کی جا رہی ہیں؟ اس کے لئے کس قسم کا احتجاج کیا جائے اور کیوں ایک assurance دینے کے بعد ' after giving a firm statement پتہ چلتا ہے کہ وہ statement غلط تھی۔ اس دن وزیر صاحب نے کہا کہ ' he expressed in press and regrets on the fact that WAPDA was selling electricity to KESC at rates higher than what the IPPs were selling them and, now, with retrospective effect تین روپے نو پیسے سے پانچ روپے, the rates of electricity have been increased to two rupees کر دی what is going on, sir? How long can this remain?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی وزیر برائے پارلیمانی امور۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! تاج حیدر صاحب نے بہت سارے سوالات فرمائے ہیں۔ کچھ education اور یونیورسٹی کے متعلق ہیں اور کچھ واپڈا کے متعلق ہیں۔ یونیورسٹی کے بارے میں '' اگرچہ Education Minister نہیں ہیں لیکن ان کی طرف سے جواب مجھے بھجوایا گیا ہے کیونکہ یہ بڑی اچھی بات تھی کہ تاج حیدر صاحب نے چیئرمین صاحب کو فرما دیا تھا کہ انہوں نے کل یہ issue اٹھانا ہے اس لئے education کی طرف سے جواب آیا ہوا ہے۔ میں آپ کی اجازت سے پڑھتا ہوں۔

جناب! پوزیشن یہ ہے کہ میں ان کا نوٹ ہی پڑھ دیتا ہوں اگر اس میں کوئی اعتراض والی بات نہ ہو۔

"The factual position is that the University Grants Commission has released the amount of Rs. 34.09 million to the University of Karachi, being the recurring grant for the months of January and February to the University of Karachi on

5th May, 1999 through telegraphic transfer. The Vice-Chancellor of University has confirmed its receipt on 9th May, 1999. The grants for the months of March and April will be released after the utilization of the grant already released to the University of Karachi and the amount is received by the Ministry of Education, that is UGC. The grants are released on monthly basis for the utilization by the University of the funds previously released to them".

دوسرا جو انہوں نے سوال کیا تھا about some development اس کے بارے میں پوزیشن یہ ہے ' جواب یہ ہے۔

"It is stated that the University of Karachi does not have any development scheme as such the question of release of any development grant does not arise. However, the University of Karachi has recently submitted a scheme worth Rs. 226 million which will be considered by the Central Development Working Party's meeting scheduled to be held in the near future". Sir, this is the position.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ایک منٹ ۔واپڈا کا جواب دینے دیں ۔خواجہ صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔جناب ! آج صبح تک کراچی یونیورسٹی کے خزانے میں وہ رقم،جس کا حوالہ دیا گیا ہے' نہیں پہنچی ہے ۔ صرف ایک لیٹر پہنچا ہے۔ میں یہ بات خود اٹھانا چاہتا تھا لیکن سینیٹر تاج حیدر صاحب نے اٹھا دی تو آپ نے وضاحت سے جواب دیا ہے ۔ آپ مزید ان سے تصدیق فرمالیں کہ پیسہ نہیں پہنچا ہے 'لیٹر پہنچا ہے اور عام طور پر یہ ہی کیا جاتا ہے ' اس حکومت میں ہی نہیں بلکہ سب میں کہ جو نہیں دینا ہوتا ہے اس کا لیٹر بھیجتے ہیں اور وہ بعد میں lapse ہو جاتا ہے۔ یہ lapsable grant ہوتی ہے۔ تو خدا کرے کہ یہ ترکیب نہ کی جارہی ہو ۔خدا کرے کہ یہ بات صحیح ہو اور پیسہ بھی ہو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ خدا کرے یہ صحیح ہو۔آپ کی بات صحیح ہے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔جناب وائس چانسلر نے confirm کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ وہ کہتے ہیں کہ وائس جانسلر نے 9 تاریخ کو confirm کیا

ہے۔اس پر ان کے sign ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ آپ بھی پوچھ لیں میں بھی پوچھ لیتا ہوں۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ پوچھ لیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ ہم نے تو پوچھا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ عالی صاحب! انہوں نے پوچھ کر کہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ان کے sign آئے ہیں انہوں نے confirm کر دیا ہے کہ مجھے مل گئے ہیں۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ جناب! میاں صاحب نے نہیں پوچھا کیونکہ وہ جواب دے رہے ہیں۔ میں کبھی غیر ذمہ داری کی بات نہیں کرتا۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ صرف لیٹر پہنچا ہے' روپیہ آج صبح تک نہیں پہنچا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ عالی صاحب! آپ بھی پوچھ لیں' یہ بھی دوبارہ پوچھ لیں گے۔جی قطب الدین صاحب آپ کا point of order بھی اسی سے متعلق ہے۔جی فرمائیے۔

Khawaja Qutabuddin: Sir, Karachi seems to be a very unfortunate city in the whole of Pakistan with reference to education, electrification, law and order, its grants. It means citizens of Karachi are unfortunate. I had raised the issue of shortage of electricity in Karachi on the eleventh. The Chairman at that time had told me that I should raise this issue again when the Minister concerned is present in the House. So, I would like to take this opportunity to raise that issue again, that Karachi is going through an extreme cirsis of power shortage, an adverse cirsis in the history of this city and as a result Karachi is going without electricity or almost half of Karachi without electricity for days together. As a result, the pumping of water is also affected and most of the city is without water. So, there is a grave crisis over there. I would like to ask that WAPDA is generating surplus electricity. In order to encourage consumption of this

electricity, they even lowered the rate for the rest of Pakistan apart from Karachi.

My question is that when you have so much surplus with WAPDA, why don't you supply this surplus power to Karachi and eliminate the suffering of the people of Karachi and specially the industry which is starved of this power The export industry which is very vital to the economy that is suffering Mr. Chairman. My request is that they should immediately take remedial measures, there is a contractual obligation probably on part of WAPDA, that they are going to supply approximately 200 to 300 mega watts of electricity daily to Karachi. And then comes that discrimination sir, the discrimination in the power rate which is being charged from Karachi as compared to the rest of Pakistan. Senator Taj Haider had pointed out that it has been raised to five rupees but as far as my information goes that the rate for the rest of Pakistan is about Rs. 3.30 and what they are charging in Karachi is about 4.05. So, when I pointedly mentioned this to the Chairman/MD of KESC, he said that we are about to privatise KESC and we want to make KESC look more attractive to the investors.

Now, this is no argument because if you want to make it look more attractive to the customers or the buyers, why should the industry and the people of Karachi suffer. Now as a result of this discrimination or disparity in the prices, the industry in Karachi is becoming highly uncompetitive as compared to the rest of the industry in the country. So, there is a danger but infact, I have received communications from many businessmen that they would be closing down the industries, if this disparity is resorted to. So, one more thing that I would like to ask the honourable Minister is that what is the total production of the Karachi Electric Supply Corporation and what is the actual generation that is taking place and there is a major short-fall and it appears that there is a major

short-fall and that is why we are facing this extreme crisis. So, what is the reason of this major short-fall.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Minister for WAPDA.

**جناب گوہر ایوب خان**- جناب چیئرمین صاحب ! دونوں معزز سینیٹرز نے کراچی کے بارے میں بجا طور پر کہا ہے۔ میں اسی چیز کا جائزہ لینے کے لئے کل اور پرسوں کراچی میں تھا اور میں نے floor of the Senate پر کہا تھا کہ کراچی کو at the mercy of WAPDA نہیں چھوڑ سکتے۔ کراچی میں IPPs دو ہیں ' nuclear poject ہے جو under repair ہے اور اس کی اتنی زیادہ production نہیں ہے۔ اگر یہ full capacity پر کام کریں تو 1450, 1425 میگا واٹ produce کر سکتے ہیں۔ باقی انہیں import کرنی پڑتی ہے from WAPDA. پندرہ سو تک چلے جاتے ہیں لیکن maintenance ہوتی ہے ' tripping ہو جاتی ہے ' کچھ نہ کچھ خرابی ہو جاتی ہے۔ واپڈا کے پاس آج surplus power ہے اور جو ہماری transmission اور grid ہے اس پر تقریباً ساڑھے تین سو میگا واٹ transmit کر سکتے ہیں ' اس کو ہم پانچ چھ مہینے میں 600 تک لیجا سکتے ہیں۔ ہم نے منسٹری میں اس پر work out کرنے کے لئے اپنے سیکریٹری کو کہا ہے کہ we must not allow Karachi to suffer and not leave karachi at the mercy of WAPDA. کیونکہ major industries اور commercial houses وہاں ہیں اور اگر یہ طریقہ کار کراچی میں رہا تو اس کی industry balancing modernisation ختم ہو جائے گی ' further industrialization اس ایریا میں ختم ہو جائے گی ۔ یہ industries and commercial houses sick ہو جائیں گے اور بے پناہ labour displacement شروع ہو جائے گی ۔ اس کے علاوہ کراچی میں high-rise flates ہیں ' سب کچھ ہے ' اگر بجلی بند ہوتی ہے تو آپ خود اندازہ لگائیں کہ اکثر میں لفٹ نہیں ہے ' پانی pump نہیں ہوسکتا اور بے پناہ مصیبت ہوتی ہے ۔

تو اس لئے واپڈا کے ساتھ ہم کر رہے ہیں کہ کراچی کی power آپ کے لئے captive market ہے ۔ اگر 350 ہے یا 200 ہے یا 600 ہے ' جتنی بھی ہے that is a captive market, انہیں دینا پڑے گا ۔ جب آپ کہتے ہیں ہمارے پاس surplus ہے اور ہم نے اتنی save کر لی ہے ' مثلاً ایک ہزار ' میں ان کو کہتا ہوں نہیں you are wrong, آپ غلط کہہ رہے ہیں ' اگر کراچی کو آپ

نہیں دے رہے ہیں that mean load shedding, sir, I repeat that again, اگر واپڈا کہتا ہے کہ ہم لوڈ شیڈنگ نہیں کر رہے تو میں کہتا ہوں کہ آپ کراچی میں لوڈ شیڈنگ کر رہے ہیں ۔ اور یہ نہیں کہ وہ کوئی دیہات ہے یا قصبہ ہے یا چھوٹی جگہ ہے ۔ اس کو آپ نے off کر دیا ۔ ایک industrial area ہے اور وہاں ایک flash point بن سکتا ہے ۔ Sir, flash point and I have written to the Prime Minister in a summary that it can be a flash point. I am just comming on that. اس لئے ہم اس کو درست کرنے کی کوشش کریں گے اور انشا اللہ we will succeed, WAPDA will have to provide that power to Karachi. جتنا بھی ہوسکتا ہے اور اگر ہمیں transmission line لگانی پڑی تو اس کو 600 تک ہم لے جاسکتے ہیں ۔ دوسرا rates کا ہے ۔ میرا خیال ہے اخبار یا واپڈا جو proposal دیتے رہے ہیں اس last week میں اور اسی week میں منسٹری نے واپڈا کو in writing as directive کہا ہے ، ہم تین روپے ان کو allow کریں گے ۔ لیکن ان کی cost پہلے واپڈا دے رہا تھا 2.09 روپے اور 3.09 روپے and something زیادہ مانگ رہے تھے ۔ منسٹری نے ان کو کہا ہے 3 rupees, we have tried to work it out کہ یہ amount ہے ، آپ کے پاس surplus power ہے ، آپ نے بیچنی ہے ، آپ اس کو ضائع نہیں کرسکتے ۔ اور اب دیکھتے ہیں کہ ان کا ردعمل کیا ہے but we will be forcing WAPDA on this amount. جتنا بھی ہوسکے گا ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ شکریہ ۔ جی حبیب جالب صاحب ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ بھائی ان کا جواب آگیا ہے ۔ آپ بعد میں پوچھ لیں ۔ لیکن ابھی نہیں ہوسکتا ۔ جی حبیب جالب صاحب ! بولیں ۔ آپ مجھ سے مخاطب ہوں اور بولیں ۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ شکریہ جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ میں آج ایک اہم مسئلے کی طرف اس ہاؤس کی اور وزراء صاحبان کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ صوبوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کے بارے میں ہے ۔ جہاں مداخلت نہیں کرنی چاہیے وہاں کی جاتی ہے اور جہاں مداخلت کرنی چاہیے وہاں نہیں ہوتی ۔

مثلاً نوشکی میں جو واقعہ ہوا ، جیل کا مسئلہ تھا ، اس پر judicial commission بٹھایا گیا ،

ایک جج کو سربراہ بنایا گیا' اس جج نے فیصلہ دیا لیکن وزیراعظم ہاؤس سے ایک ڈپٹی سیکرٹری نے اس پر اپنی انکوائری کرکے اس فیصلے پر اپنا فیصلہ لاگو کیا۔ لیکن جہاں مداخلت کی ضرورت ہے مثلاً پسنی میں' واپڈا کے وزیر صاحب بیٹھے ہیں اگر وہ اس طرف متوجہ ہوں---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ اقبال حیدر صاحب! گوہر ایوب صاحب کو ان کی بات سننے دیں مہربانی ہوگی۔ گوہر صاحب! یہ آپ کے متعلق ہے۔

## (v) RE: FUNCTIONING OF GENERATORS IN PASNI POWER STATION

**جناب حبیب جالب بلوچ**۔ جناب! مسئلہ یہ ہے کہ پسنی پاورسٹیشن میں کل چار جنریٹرز ہیں جس طرح وزیر موصوف نے بھی اس سے قبل اپنے سوالات کے جوابات میں جایا' ان میں سے دو خراب پڑے ہوئے ہیں اور ایک partially خراب ہوا اور ان کو ہم repair کر رہے ہیں۔ لیکن اصل وجہ کیا تھی کہ یہ جنریٹرز خراب ہوئے۔ کبھی واپڈا نے اس پر سوچا ہے۔ کیا وجہ تھی کہ دو جنریٹرز خراب ہوئے اور ایک کو partially نقصان پہنچا۔

میرے ہاتھ میں وہ تمام چٹھیاں ہیں۔ مکران ڈویژن کے کمشنر نے واپڈا کو لکھا۔ 1995 سے لکھتے رہے ہیں جناب۔ ایکسین واپڈا نے لکھا کہ پسنی پاورسٹیشن میں جس کمپنی کو ٹھیکہ دیا گیا ہے تیل سپلائی کرنے کے لئے وہ گھٹیا تیل سپلائی کر رہی ہے۔ وہ تیل Iranian Oil ہے جو دو نمبر کا تیل ہے۔ وہ استعمال ہوا ہے۔ اور یہ دو نمبر کا تیل 2.75 rupees per litre ہے جبکہ یہاں سے جو سپلائی ہوتا ہے وہ 6.35 per litre ہے۔ اس طرح monthly ایک کروڑ تیس لاکھ کی انہوں نے بچت کی ہے اور جس کی وجہ سے یہ generators تباہ ہوئے۔ انہوں نے بار بار چٹھیاں لکھی ہیں لیکن ابھی تک بدستور ٹھیکہ بھی اسی کے پاس ہے۔ ابھی تک وہ صوبائی منسٹر بھی ہیں اور ٹھیکہ بھی انہی کے ساتھ ہے۔ یہ جنریٹرز تباہ ہوئے ہیں اور آپ باہر سے منگوا رہے ہیں اور مزید جو آپ کہتے ہیں کہ دوسرے generators بھی کام نہیں کر رہے ہیں اور ان کے پرزے بھی پرانے ہو گئے ہیں حالانکہ وہ اتنے پرانے نہیں ہوئے ہیں۔ سو سال پہلے جو انگریزوں نے bridge قائم کیا تھا ابھی تک وہ قائم ہے۔ یہ پرزے بھی وہیں سے آئے ہیں۔ یہ پرزے خراب نہیں ہوئے ہیں' اصل میں دو نمبر آئل استعمال ہوا ہے جس کی وجہ سے یہ خراب ہوئے ہیں۔ گورنمنٹ نے خود اپنی رپورٹ میں یہی لکھا ہے لیکن اس پر

کیوں کارروائی نہیں ہو رہی ہے ۔ تربت میں اس بارے میں احتجاج ہو رہا ہے ۔ آپ ذرا اس طرف توجہ دیں۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔** جی وزیر صاحب۔

**جناب گوہر ایوب خان۔** جناب چیئرمین صاحب! معزز ممبر نے کہا ہے کہ جو انگریز نے پل بنایا وہ آج تک کامیاب ہے ۔ شیر شاہ سوری نے جو سڑک بنائی تھی وہ بھی ہے اور جو مغلوں نے اٹک کا قلعہ اور پل بنایا تھا اس کے گنبد آج بھی ہیں۔ میرے خیال میں باقی انگریزوں کے ٹوٹ گئے ہیں۔ I agree with the honourable Senator کہ ان جنریٹرز کا problem ہے۔ وہاں چار جنریٹرز لگے ہوئے ہیں ۔ پہلے تو spare parts ہی نہیں تھے اور spare parts بندر گاہ پر پڑے ہوئے تھے اور ایک کروڑ بیس لاکھ ان کی value duty آتی تھی اور پچاس لاکھ روپے اس کا damurrage پڑ گیا وہ ہم نے مل ملا کر مسئلہ حل کر لیا ہے لیکن parts اب پہنچ گئے ہیں اور دو انجن کھول دیئے ہیں اور ان کو آہستہ آہستہ repair کر رہے ہیں۔ انہوں نے تیل کے متعلق کہا ہے اور کہا ہے کہ یہ کیوں cease ہوئے ہیں، کس وجہ سے ہوئے ہیں ۔ باقی کیا damage ہوا، میں اسے check کر کے next session میں ان کو detailed report دے دوں گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔** بہت مہربانی آپ نے مجھے موقع دیا ۔ سب سے پہلے میں اپنے ایک سابقہ سینیٹر حسین احمد کو welcome کرتا ہوں کہ وہ آج ہماری کارروائی یہاں سن رہے ہیں۔

اس کے بعد میں ایوان کی ایک اہم مسئلے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ حکومت نے دو مہینے پہلے اخبار میں دیا تھا کہ وفاقی کابینہ نے فیصلہ کیا ہے کہ وفاقی ملازمت سے پابندی اٹھا لی گئی ہے۔ لیکن اب تک اس کے متعلق notification نہیں کیا گیا ہے۔ لوگ ہمارے پاس نوکریوں کے سلسلے میں آتے ہیں اور در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کب سے نوکریاں دینا شروع کریں گے یا ایسا کوئی پروگرام ہے ہی نہیں۔ اس کی وضاحت کی جائے تاکہ لوگ بے چارے تکلیف سے بچ جائیں۔

جناب والا! اس کے علاوہ میں نے ایک point raise کیا تھا کہ ایک ہفتہ پہلے پندرہ آدمی ڈیرہ اسماعیل خان سے پشاور جا رہے تھے، راستے میں اغوا ہو گئے ہیں ۔ اب تک سرحد حکومت ان کو بازیاب نہیں

کراسکی۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر داخلہ نے اس ضمن میں اب تک کیا action لیا ہے۔

اس کے بعد میرا پوائنٹ یہ ہے کہ میرے دوستوں نے ہوسٹل سے گرفتار شدہ طلباء کا ذکر کیا تھا کہ وہ ابھی تک پولیس کے پاس ہیں۔ وہ طلباء ابھی تک کوئٹہ میں بند ہیں۔ یہ بھی بہت اہم مسئلہ ہے اور وزیر داخلہ نے اس پر یقین دہانی کرائی تھی کہ وہ اس کی تحقیقات کرائیں گے۔ مجھے وزیر صاحب ان کے متعلق بتائیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ میرے خیال میں دو، تین دنوں سے متواتر وزیر داخلہ صاحب تشریف نہیں لا رہے ہیں۔ ان کو آنا چاہیے تھا۔ جی یٰسین وٹو صاحب۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ جناب جو یہ پندرہ افراد کے اغوا کا معاملہ جا رہے ہیں یہ میرے علم میں پہلے نہیں آیا ورنہ میں پوچھ لیتا باقی باتیں میں نے ان کو communicate کی ہیں تو یہ بھی کر دیتا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ وٹو صاحب! ملازمت پر سے پابندی اٹھالی گئی تھی لیکن اس کے باوجود ہے۔ سینیٹر صاحبان کو تنگ کر رہے ہیں۔ اس بارے میں اگر کچھ وضاحت ہو جائے تو۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ اس کے بارے میں صورت یہ ہے کہ اصولی طور پر یہ فیصلہ کر لیا گیا ہے کہ پابندی اٹھالی جائے۔ لیکن ابھی عملی طور پر اس پر عملدرآمد شروع ہونا ہے۔ جن نوکریاں کی اب اجازت ہوگی وہ اس بجٹ میں provided نہیں ہیں، اگلے بجٹ میں provided ہوں گی اور پھر اس کے بعد بھرتی شروع ہوگی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ مطلب یہ ہے کہ جولائی کے بعد شروع ہوگا یہ سلسلہ بھرتی کا۔ جی جناب حاجی جاوید اقبال عباسی۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی**۔ جناب چیئرمین! میرا point of order یہ ہے کہ آج سے تقریباً چھ مہینے پہلے میں نے ایک توجہ دلاؤ نوٹس دیا تھا، اس میں آپ چیئرمین مقرر ہوئے تھے، پورے پاکستان اور بالخصوص پشاور سے اسلام آباد اور نوشہرہ سے سوات اور حسن ابدال سے مانسہرہ اور گلگت تک یہ جو کسٹم، ایکسائز اور رینجرز والے لوگوں کو لوٹ رہے ہیں۔ آپ مہربانی کر کے کچھ کریں اس سلسلے میں کیونکہ وہ لوٹ کھسوٹ پھر شروع ہوگئی ہے۔

دوسرا point میرا یہ ہے کہ زاہد خان نے جو point of order raise کیا ہے اس میں انہوں

نے ہمارے چیف منسٹر پر الزام لگایا ہے کہ انہوں نے لکڑی بیچی ہے۔ یہ بات قطعاً غلط ہے اور میں یہاں اس فلور پر کہوں گا، یہاں ہمارے قائد ایوان بھی بیٹھے ہوئے ہیں کہ اس طرح کی الزام تراشیاں نہ کریں اور اس سلسلے میں انکوائری کی جائے اور انکوائری ٹیم مقرر کرکے اس کی تحقیقات کی جائیں کیونکہ ایسے الزام کہ چیف منسٹر نے پرمٹ بیچ دیا یا فلاں نے بیچ دیا غلط ہیں۔ لکڑی کی پابندی 1992ء میں وفاقی کیبنٹ میں لگی تھی، وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف اس وقت وزیر اعظم تھے۔ اس لئے زاہد خان نے جو الزام لگایا ہے یہ بالکل غلط ہے اور اس سلسلے میں ایک انکوائری کمیٹی بنائی جائے جو بہت ضروری ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جناب حاجی صاحب! انہوں نے، وزیر صاحب نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں انکوائری کریں گے۔ اب الزام لگانا ہر ایک کا حق ہے لیکن جب انکوائری کے لئے انہوں نے کہہ دیا ہے کہ ہم انکوائری کریں گے تو بات ختم ہوگئی۔ بات اسی جگہ پر ختم ہوگئی۔ جی جناب ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب۔

(مداخلت)

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا۔ جناب! یہ ملازمین کا ایک مسئلہ ہے۔ ایک تو میں حکومت سے یہ ضرور عرض کروں گا کہ اگر آپ ملازمت جولائی میں دینا چاہتے تھے تو پھر آپ نے پابندی اٹھانے کا مذاق لوگوں سے کیوں کیا۔ خدا کے بندو! کم از کم یہ تو نہ کرو۔ اب یہ کہاں کا انصاف ہے کہ آپ جولائی میں جا کر کریں گے اس پر عملدرآمد۔ اس سلسلے میں آپ کی تین چار کابینہ کی میٹنگ بھی ہوئی ہیں۔ لوگ تو بیچارے کافی عرصے سے بیروزگار ہیں ہزاروں کی تعداد میں اور خودسوزی بھی کر رہے ہیں۔ تو کم از کم ان کے ساتھ اور مذاق تو آپ نہ کریں آپ یہ دیکھیں گے کہ یہ جولائی سے بھی آگے چلا جائے گا۔ یہ میرے خیال میں اگلے سال فروری یا مارچ میں ہوگا، وہ بھی بڑی بات ہوگی۔ یہ آپ دیکھ لیجئے گا چیئرمین صاحب۔ یہ سب کھوکھلی باتیں کرتے ہیں۔ خدا کے لئے کھوکھلی باتیں نہ کریں۔ اور جو خود روزگار کی اسکیم ہے وہ بھی بھونڈی اسکیم ہے۔ لوگ وہاں جاتے ہیں، چکر لگاتے ہیں، مگر بنک والوں نے ایسی مصیبت پیدا کی ہوئی ہے کہ آپ حیران ہوں گے۔ بیس فیصد کاٹو، تیس فیصد کاٹو۔ بھئی آپ ایسا کیوں کرتے ہیں۔ وہ لوگ ویسے ہی بیچارے بد حال ہیں، وہ ایک لاکھ دو لاکھ کے لئے سو دفعہ آتے جاتے ہیں، ان کی جوتیاں گھس گئی ہیں۔

اب یہ کہتے ہیں کہ رشوت ختم ہے۔ آپ حیران ہوں گے کہ کوئی رشوت ختم نہیں ہوئی ہے۔ وہاں تو یہ ہے کہ ایک ہاتھ سے دو تو دوسرے ہاتھ سے لو اور یہ سلسلہ تو شروع سے چل رہا ہے جناب! کہ ایک ہاتھ سے دو اور دوسرے ہاتھ سے لو۔ اگر نہیں دیتے ہیں تو پھر چکر کاٹتے رہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** فی الحال تو آج انہوں نے ایک چیز واضح کردی کہ جولائی سے next financial year' سے ہم اس پر عمل کریں گے۔ تو اب ہم ایک دو مہینے انتظار کر لیتے ہیں۔

(مداخلت)

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب! اصل بات کی طرف تو میں اب آ رہا ہوں۔ میں صرف انکے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ کوئٹہ میں جو ڈیوٹی فری شاپ ہے وہ بند ہو رہی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ جناب! پورے پاکستان میں ڈیوٹی فری شاپس ہیں صرف کوئٹہ میں بند کیوں ہو۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ پورے بلوچستان میں صرف ایک ڈیوٹی فری شاپ ہے۔

(مداخلت)

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** اگر یہ حالت ہے تو میں پھر آرڈر پڑھ کر چلا جاؤں گا۔ میں تو یہ چاہ رہا ہوں کہ سب satisfy ہوجائیں اور ہر ایک اپنی بات کرے۔ لیکن ان حالات میں اجلاس نہیں چلا سکتا۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب! چھوٹے ملازمین گریڈ ایک سے چار تک کا مسئلہ ہے۔ ان کی کٹوتی ہو رہی ہے پانچ فیصد اور کرایہ مکان بھی کٹ رہا ہے ان سے۔ جناب! ان کی تنخواہ ہے دو ہزار روپے۔ آپ خود اندازہ کریں کہ اب ان سے 14' 15 ہزار روپے یکمشت ادا کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** آج کا آخری آئیٹم ہے Order of the Day کا نمبر 3۔ جی جناب وٹو صاحب۔

## LAYING OF REPORT OF THE STATE BANK OF PAKISTAN'S ECONOMY.

**Mian Muhammad Yaseen Khan Wattoo:** Sir, I lay before

the Senate the second report for the year 1998-99 of the Central Board of Directors of the State Bank of Pakistan, on the State of Pakistan's Economy, in terms of section 9A(f) of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**Mr. Presiding Officer:** The report stands laid. In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on the 13th May, 1999.

Sd/-

( Muhammad Rafique Tarar )

President

Islamic Republic of Pakistan.

[The House then prorogued sine die.]